DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 18.04.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ دوگنا کر دیا, وزیراعظم۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | پاکستان روس میں اشتراک عمل تحقیقی تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | وزیراعلیٰ نے چیک پوسٹوں پر رشوت طلب کیے جانے کا سختی سے نوٹس لے لیا۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | نصیر آباد میں سڑکوں کی تعمیر کے منصوبے جلد مکمل کیے جائیں، سلیم کھوسہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بلوچستان میں عوام کی فلاح کے کام پر پروپیگنڈا ہو رہا ہے، مصدق ملک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | اتحاد سے دہشت گردی کے ناسور کو شکست دے سکتے ہیں، ظہور بلیدی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | منشیات کا خاتمہ معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے، صوبائی مشیر کھیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | پولیو موذی مرض اس کا خاتمہ انتہائی ضروری ہے، بخت کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان کے لوگوں کے لیے روزگار کے موقع فراہم کریں گے، راحلہ درانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | میر علی حسن زہری کا دورہ حب لیڈا میں اجلاس کی صدارت کی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | غیر قانونی تارکین وطن کو باعزت واپس بھیجا جارہا ہے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | حکومتی کامیابیوں عوامی فلاحی منصوبوں کو اجاگر کیا جائے سیکرٹری اطلاعات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | ژوب والد کا بچی کی لاش کے ہمراہ احتجاج قومی شارہ بلاک کر دی گئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | سیف اللہ کھیتران کا پاک چائنہ فرنٹ شپ ہسپتال کا دورہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | افغان مہاجرین کو باعزت طریقے سے ان کے ملک روانہ کیا جارہا ہے، ڈی سی خضدار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | نکاح نامہ چیک کرنا پولیس کا کام نہیں ڈی آئی جی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | قومی وسائل لوٹنے والوں کا احتساب ہو گا پی کے نیب۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ملکی بقاء کے لیے انصاف اور امن کا فروغ ناگزیر ہے جے یو آئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | وزیراعلیٰ کے عملی اقدامات کی بدولت دیرینہ مسائل حل ہو رہے ہیں علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

گومازی میں ایک شخص قتل گروک ندی سے نعش برآمد، میزئی اڈآ سے لاش برآمد، نوشکی کلی قادر آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ باپ بیٹا جاں بحق۔

## عوامی مسائل:

ڈیرہ مراد جمالی خطیر رقم خرچ ہونے کے باوجود سیوریج سسٹم درست نہ ہو سکا امراض پھیلنے لگے، شادی کورس ڈاور اکاڑہ ڈیمز میں پانی کا ذخیرہ ختم، چاغی لنک روڈ کی تعمیر میں تاخیر شہری مشکلات سے دوچار۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 18.04.2025

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **بلوچستان کا این 25 شاہراہ منصوبہ، وفاقی حکومت کی جانب سے اہم تحفہ ! !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ملک کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں دو رویہ قومی شاہراہیں نہ ہونے کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں ماہانہ سینکڑوں جبکہ سالانہ ہزاروں قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ صوبہ میں دیگر مسائل بھی بہت زیادہ ہیں مگر موٹرویز نہ ہونے کے برابر ہیں۔ بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتوں سمیت ہر مکتبہ فکر اور عوام کا یہ دیرینہ مطالبہ رہا ہے کہ این 25 شاہراہ کو دو رویہ بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات سمیت خونی حادثات کا تدارک ممکن ہو سکے۔ موجودہ وفاقی حکومت نے غیر معمولی اقدام اٹھا کر بلوچستان کو بڑا تحفہ دیا ہے۔ این 25 شاہراہ کو دو رویہ بنایا جا رہا ہے جس سے بلوچستان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور اس منصوبہ کے اعلان کو سراہا جا رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان کا ٹریک 2 ہزار کے قریب جانیں نگل چکا، اس خونی ٹریک کو ہائی وے بنانے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد میں جناح اسکوائر انڈر پاس کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان میں سڑکوں کے منصوبے کی مخالفت کرنے والے تنگ نظر ہیں، کراچی، قلات، خضدار اور کوئٹہ شاہراہ منصوبہ اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان کی اس سڑک کو جسے خونی ٹریک بھی کہا جاتا ہے، ہائی وے بنائے جا رہے ہیں، اس کی کوالٹی موٹروے جیسی ہوگی، 2 سال میں 300 ارب سے زائد کے تخمینے سے شاہراہ تعمیر ہوگی، بلوچستان کے عوام کو ایسا منصوبہ چاہیے تھا جو تمام اقوام کے دل کی آواز ہو، این ایف سی میں بھی بلوچستان ڈبل کر دیا گیا ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**پاکستانیوں کو بلوچ نہیں دہشتگردوں نے شہید کیا ریاست مظلوموں کیساتھ کھڑی ھے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کی ترقی وخوشحالی ہو وفاق اور صوبائی حکومت کا دوٹوک عزم** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان پاکستان کی تقدیر اور ہمارے ماتھے کا جھومر** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Corneql transportation in Balochistan" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 18 APR 2025 Page No. 1

بلوچستان کا خونی ٹریک 2 ہزار جانیں نگل چکا، اسے ہائی وے بنانے جا رہے ہیں، شاہراہ کی مخالفت کرنیوالے بلوچستان کے دوست نہیں: شہباز شریف

# این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ دوگنا کر دیا: وزیراعظم

بلوچستان میں فاصلے سینکڑوں نہیں ہزاروں میل کے ہیں صوبے کے عوام کو ایسا منصوبہ چاہیے تھا جو تمام اقوام کے دل کی آواز ہو، این 25 شاہراہ کی مخالفت کوتاہ اندیشی اور تنگ نظری ہوگی

بلوچستان کے عوام کے لیئے ایسا بڑا منصوبہ وقت کی ضرورت ہے کراچی، قلات، خضدار، کوئٹہ، چمن شاہراہ وفاق کی طرف سے تحفہ ہے، اب یہ موٹروے بنے گی اور میں خود اس کی نگرانی کروں گا

2010 میں این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ 100 فیصد بڑھایا گیا، چاروں صوبوں اور وفاق نے مل کر یہ فیصلہ کیا، سب سے بڑا حصہ پنجاب کا تھا، میں خود اس وقت خادم پنجاب تھا

منصوبے کو 2 سال میں مکمل کیا جائیگا بلوچستان کے عوام اس پر فخر کریں گے، خونی سڑک ترقی وخوشحالی کی شاہراہ میں تبدیل ہوگی، مری روڈ انڈر پاس کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملکی معیشت مستحکم ہو گئی ہے، قوم ترقی وخوشحالی کے سفر پر گامزن ہو چکی ہے، بھرپور قوت اور اعتماد سے ٹیم پاکستان ملک کو ترقی سے ہمکنار کرے گی، بلوچستان میں این 25 شاہراہ کی مخالفت......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7

کوتاہ اندیشی اور تنگ نظری ہو گی، یہ منصوبہ بلوچستان کے عوام کے دل کی آواز ہے،، اور این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ بھی دوگنا کردیا گیا ہے، سیاسی وعسکری قیادت سب کو ساتھ لے کر آگے بڑھنے کا وژن رکھتی ہے، 2 سال میں یہ منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچائیں گے، اسلام آباد میں تزئین وآرائش اور نئے سکوائر کی تعمیر سے وفاقی دارالحکومت میں مزید خوبصورتی اور بہتری آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو جناح سکوائر مری روڈ انڈر پاس کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزرا، معاونین خصوصی، ارکان اسمبلی کے علاوہ وفاقی حکومت کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے وفاقی دارالحکومت میں توسیع وتزئین کے منصوبوں پر وزیر داخلہ اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں ٹریفک کے نظام میں بہت بہتری آ چکی ہے، نئے منصوبوں سے اسلام آباد مزید خوبصورت شہر بن جائے گا۔ اسلام آباد میں پھول اور پودے وفاقی دارالحکومت کے حسن کو دوبالا کر رہے ہیں۔ اسلام آباد نہ صرف پاکستان بلکہ خطے میں خوبصورتی کے لئے مثال بنایا جائیگا۔ وزیراعظم نے اس توقع کا اظہار کیا کہ 60 کی بجائے 35 دن میں سکوائر کی تعمیر کا ہدف پورا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ شہباز سپیڈ ہے نہ ہی محسن سپیڈ یہ پاکستان سپیڈ ہے، اجتماعی کاوشوں سے پاکستان کی عالمی سطح پر درجہ بندی میں بہتری آئی ہے۔ ملکی معیشت مستحکم ہو گئی ہے۔ قوم ترقی وخوشحالی کے سفر پر گامزن ہو چکی ہے۔ بھرپور قوت اور اعتماد سے ٹیم پاکستان پاکستان کی ترقی کا سفر طے کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے لئے کراچی، قلات، خضدار، کوئٹہ، چمن شاہراہ (این 25) وفاق کی طرف سے تحفہ ہے۔ یہ خونی شاہراہ 2 ہزار جانیں نگل چکی ہے، اب یہ موٹروے بنے گی اور میں خود اس کی نگرانی کروں گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کوئی اضافہ نہیں کیا بلکہ گزشتہ 15 روز میں جو قیمتیں کم ہوئیں اسی پیسے کو پاکستان کے جغرافیائی لحاظ سے سب سے بڑے صوبے بلوچستان کی ایک اہم شاہراہ کی تعمیر کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2010 میں این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ 100 فیصد بڑھایا گیا تھا، چاروں صوبوں اور وفاق نے مل کر یہ فیصلہ کیا تھا۔ اس میں سب سے بڑا حصہ پنجاب کا تھا، میں خود اس وقت خادم پنجاب تھا۔ بلوچستان میں فاصلے سینکڑوں نہیں ہزاروں میل کے ہیں۔ بلوچستان میں سرمایہ کاری اسی حساب سے ہونی چاہیے۔ عوام نے ہمارا فیصلہ خوشی سے قبول کیا ہے۔ پنجاب، سندھ اور خیبرپختونخوا میں موٹرویز ہیں۔ بلوچستان کے لئے بھی ایسا بڑا منصوبہ وقت کی ضرورت اور بلوچستان میں بسنے والے ہمارے بھائیوں اور بہنوں کے دل کی آواز ہے۔ اس منصوبے کی مخالفت کوتاہ اندیشی اور تنگ نظری ہوگی۔ پاکستان گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے علاوہ 4 وفاقی اکائیوں سے بنتا ہے۔ اس کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے،

## پاکستان روس میں اشتراک علم، تحقیقی تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے، گورنر

بلوچستان قدرتی وسائل کے اعتبار سے اہمیت کا حامل، اسٹوڈنٹس کیلئے نئے مواقع پیدا کرنیکی کوشش کرونگا، جعفر مندوخیل

پاکستان کو جدید صنعتی ملک بننے کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں، سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی کا دورہ، بریفنگ دینے پر خراج تحسین

سینٹ پیٹرزبرگ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ جس طرح روس ایک ترقی پذیر ملک سے عالمی سپر پاور بننے کا قابل فخر تجربہ رکھتا ہے اسی طرح ریسرچ اور انجینئرنگ کی دنیا میں سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی بھی انٹرنیشنل سطح پر اپنا شاندار نام اور مقام رکھتی ہے، دونوں کے علم و تجربہ سے استفادہ کرکے ہم پاکستان کو باآسانی ایک زرعی ملک سے ایک جدید صنعتی ملک بننے کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں، سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی میں پرتپاک استقبال کرنے اور یونیورسٹی کے تاریخی پس منظر اور اعلیٰ کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دینے پر میں تمام یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے روس کے شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں مائننگ یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر کیا، واضح رہے کہ نیشنل منرل ریسورسز یونیورسٹی کے ریکٹر (Vladimir Litvinenko) پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی اور بلوچستان کی تین مختلف پبلک سیکٹر یونیورسٹیز، لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالملک ترین، یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی اور لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ سمیت مایہ ناز بزنس مین شیخ حیات مندوخیل بھی گورنر بلوچستان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان جغرافیائی حیثیت اور گورنر کی حیثیت، معدنیات اور اپنے قدرتی وسائل کے اعتبار سے بہت اہمیت کا حامل ہے، سردست دونوں ممالک اور یونیورسٹیوں کے درمیان علم کے اشتراک، تحقیقی تعاون اور صلاحیت کی تعمیر کو فروغ دینے کیلئے تعلقات بڑھانے کی اشد ضرورت ہے، گورنر مندوخیل نے کہا کہ اب میری بھرپور خواہش اور کوشش ہوگی کہ بلوچستان کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے اسٹوڈنٹس کیلئے نئے مواقع اور امکانات پیدا کردوں تاکہ ہمارے نوجوان بھی یہاں کے جدید علم و مہارت، اور دستیاب بہترین وسائل سے مستفید ہو سکیں۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی کے مختلف حصوں، کلاسوں اور سیمولیٹرز کا معائنہ کیا، یونیورسٹی کے احاطے میں موجود تاریخی میوزیم میں ذاتی دلچسپی لی اور بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیز میں تعلیمی معیار اونچا کرنے میں ان سے مدد و رہنمائی کی خواہش ظاہر کی۔



سینٹ پیٹرزبرگ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بزنس کمیونٹی سے گفتگو کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## علم و تجربے سے پاکستان جدید زرعی ملک بن سکتا ہے، گورنر بلوچستان

بلوچستان جغرافیائی حیثیت، معدنیات اور اپنے قدرتی وسائل کے اعتبار سے بہت اہمیت کا حامل ہے، جعفر مندوخیل

ریسرچ اور انجینئرنگ کی دنیا میں سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی بھی انٹرنیشنل سطح پر اپنا شاندار نام اور مقام رکھتی ہے

گورنر بلوچستان کا وفد کے ہمراہ دورہ، سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی کے مختلف حصوں، کلاسوں اور سیمولیٹرز کا معائنہ



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی میں انجینئرز کا تیار کردہ سیمولیٹر کا معائنہ کررہے ہیں

سینٹ پیٹرزبرگ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جس طرح روس کا ایک ترقی پذیر ملک سے عالمی سپر پاور بننے کا قابل فخر تجربہ رکھتا ہے اسی طرح ریسرچ اور انجینئرنگ کی دنیا میں سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی بھی انٹرنیشنل سطح پر اپنا شاندار نام اور مقام رکھتی ہے. دونوں کے علم و تجر......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بہ سے استفادہ کرکے ہم پاکستان کو باآسانی ایک زرعی ملک سے ایک جدید صنعتی ملک بنے کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں. سینٹ پیٹرزبرگ مائننگ یونیورسٹی میں پرتپاک استقبال کرنے اور یونیورسٹی کے تاریخی پس منظر اور اعلیٰ کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دینے پر میں تمام یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے روس کے شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں مائنگ یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر کیا. واضح رہے کہ نیشنل منرل ریسورسز یونیورسٹی کے ریکٹر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی اور بلوچستان کی تین مختلف پبلک سیکٹر یونیورسٹیز: لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالملک ترین. یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی اور لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ سمیت مایہ ناز بزنس مین شیخ حیات مندوخیل بھی گورنر بلوچستان کے ہمراہ تھے. اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان جغرافیائی حیثیت اور کے گورنر کی حیثیت، معدنیات اور اپنے قدرتی وسائل کے اعتبار سے بہت اہمیت کا حامل ہے، سردست دونوں ممالک اور یونیورسٹیوں کے درمیان علم کے اشتراک، تحقیقی تعاون اور صلاحیت کی تعمیر کو فروغ دینے کیلئے تعلقات بڑھانے کی اشد ضرورت ہے.

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 جمعۃ المبارک 19 رشوال المکرم 1446ھ 18 اپریل 2025ء نمبر 106

# پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے

سرفراز بگٹی

پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے

**وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس میں پیرکوہ کے مختلف علاقوں کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے چار واٹر باوزرز کی بھی منظوری**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیرکوہ ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی اور پانی کی فراہمی کے منصوبوں سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا۔ اجلاس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سیکرٹری پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ عمران خان بگٹی نے اجلاس کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی اجلاس میں منصوبے کو فعال اور قابل عمل بنانے کے لیے محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری دے دی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ کے دور افتادہ علاقوں کے عوام کو شدید گرمی میں بلاتعطل پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے 4 واٹر باوزر کی منظوری بھی دی۔ انہوں نے پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی اسکیم کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکم دیا کہ یہ منصوبہ رواں سال جون تک ہر صورت مکمل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے انہوں نے کہا کہ پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کرکے پانی کی ترسیل کو قائم رکھا جائے وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کو ہدایت کی کہ پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پیرکوہ ڈیرہ بگٹی آبنوشی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# وزیراعلیٰ نے چیک پوسٹوں پر رشوت طلب کیے جانے کا سختی سے نوٹس لے لیا

**چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے طرز عمل کی کڑی نگرانی کریں، ڈویژنل کمشنرز اور ڈی آئی جیز کو احکامات جاری**

متعدد شکایات موصول ہوچکی ہیں، ایسے عناصر کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی، ترجمان بلوچستان حکومت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر میں پولیس اور لیویز چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کی جانب سے رشوت طلب کرنے اور سامان کی ترسیل میں رکاوٹیں پیدا کرنے کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لے لیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس عمل کو ناقابلِ قبول قرار دیتے ہوئے فوری طور پر کارروائی کی ہدایت جاری کردی ہے، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیک پوسٹوں پر کرپشن اور بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈی آئی جیز کو احکامات جاری کر دیئے ہیں کہ وہ چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے طرز عمل کی کڑی نگرانی کریں اور شکایات کی صورت میں فوری تادیبی اقدامات کیے جائیں، ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہوچکی ہیں جن میں اہلکاروں پر رشوت طلب کرنے اور گاڑیوں کو بلاجواز روکنے جیسے الزامات شامل ہیں، وزیراعلیٰ نے ان شکایات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے واضح کیا کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ہوسکے اور سرکاری عملداری پر عوامی اعتماد بحال کیا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعہ 19 شوال 1446ھ 18 اپریل 2025ء صفحات 08 | شمارہ 290

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

کرپشن اور بدانتظامی ناقابل معافی

# چیک پوسٹوں پر رشوت مانگنے، سامان کی ترسیل میں رکاوٹیں پیدا کرنے والوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی، وزیراعلیٰ

بدعنوانی اور بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا، چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے طرز عمل کی کڑی نگرانی کی جائے، میر سرفراز بگٹی نے تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈی آئی جیز کو احکامات جاری کر دیے

شہریوں کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہو چکی ہیں جن میں اہلکاروں پر رشوت طلب کرنے اور گاڑیوں کو بلا جواز روکنے جیسے الزامات شامل ہیں، ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی

پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے، کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، وزیراعلیٰ

پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے، وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس میں محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر میں پولیس اور لیویز چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کی جانب سے رشوت طلب کرنے اور سامان کی ترسیل میں رکاوٹیں پیدا کرنے کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لے لیا ہے وزیراعلیٰ نے اس عمل کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے فوری طور پر کارروائی کی ہدایت جاری کر دی ہے ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیک پوسٹوں پر کرپشن اور بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈی آئی جیز کو احکامات جاری کر دیے ہیں کہ وہ چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے طرز عمل کی کڑی نگرانی کریں اور شکایات کی صورت میں فوری تادیبی اقدامات کیے جائیں ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہو چکی ہیں جن میں اہلکاروں پر رشوت طلب کرنے اور گاڑیوں کو بلا جواز روکنے جیسے الزامات شامل ہیں وزیراعلیٰ نے ان شکایات کو سنجیدگی.........

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سے لیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ہو سکے اور سرکاری عملداری پر عوامی اعتماد بحال کیا جا سکے دریں اثنا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیرکوہ ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی اور پانی کی فراہمی کے منصوبوں سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سیکرٹری پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ عمران خان گچکی نے اجلاس کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی اجلاس میں منصوبے کو فعال اور قابل عمل بنانے کے لیے محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری دے دی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ کے دور افتادہ علاقوں کے عوام کو شدید گرمی میں بلا تعطل پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے 4 واٹر باوزر کی منظوری بھی دی انہوں نے پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی اسکیم کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عزم دیا کہ یہ منصوبہ رواں سال جون تک ہر صورت مکمل کیا جائے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے انہوں نے کہا کہ پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے پانی کی ترسیل کو قائم رکھا جائے وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کو ہدایت کی کہ پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی آبنوشی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پی پی پی بلوچستان کی سیکرٹری اطلاعات کرن بلوچ ملاقات کر رہی ہیں

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 125 | جمعۃ المبارک، 19 شوال، 18 اپریل 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین مگسی رکن اسمبلی ملک نعیم بازئی اور میر عبدالعزیز محمد حسنی ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی پیرکوہ ڈیرہ بگٹی آبنوشی منصوبوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# وزیراعلیٰ نے چیک پوسٹوں پر رشوت طلب کرنے کا نوٹس لے لیا

واٹر سپلائی منصوبے میں سست روی پر اظہار تشویش

## چیک پوسٹوں پر کرپشن اور بدانتظامی کی شکایات پر تادیبی کارروائی کی جائے، کمشنرز کو احکامات جاری، حکومتی ترجمان

## ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی کے منصوبوں سے متعلق اجلاس میں 4 واٹر باؤزر منظور، منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر میں پولیس اور لیویز چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کی (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

جانب سے رشوت طلب کرنے اور سامان کی ترسیل میں رکاوٹیں پیدا کرنے کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لے لیا ہے وزیراعلیٰ نے اس عمل کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے فوری طور پر کارروائی کی ہدایت جاری کر دی ہے، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیک پوسٹوں پر کرپشن اور بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈی آئی جیز کو احکامات جاری کر دیے ہیں کہ وہ چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے طرز عمل کی کڑی نگرانی کریں اور شکایات کی صورت میں فوری تادیبی اقدامات کیے جائیں ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہو چکی ہیں جن میں اہلکاروں پر رشوت طلب کرنے اور گاڑیوں کو بلاجواز روکنے جیسے الزامات شامل ہیں وزیراعلیٰ نے ان شکایات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ہو سکے اور سرکاری عملداری پر عوامی اعتماد بحال کیا جا سکے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت پیرکوہ ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی اور پانی کی فراہمی کے منصوبوں (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

سے متعلق ایک اعلیٰ سطح اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سیکرٹری پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ عمران خان گچکی نے اجلاس کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی اجلاس میں منصوبے کو فعال اور قابل عمل بنانے کے لئے محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری دے دی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ کے دور افتادہ علاقوں کے عوام کو شدید گرمی میں بلاتعطل پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے 4 واٹر باؤزرز کی منظوری بھی دی انہوں نے پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی اسکیم کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکم دیا کہ یہ منصوبہ رواں سال جون تک ہر صورت مکمل کیا جائے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے انہوں نے کہا کہ پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے پانی کی ترسیل کو قائم رکھا جائے وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کو ہدایت کی کہ پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے ★ صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 18 اپریل 2025ء بمطابق 19 شوال 1446ھ | شمارہ نمبر 106

# پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، میر سرفراز بگٹی

پیرکوہ سوئی اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے، تا کہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے

پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان کا اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیرکوہ ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی اور پانی کی فراہمی کے منصوبوں سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سیکرٹری پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ عمران خان بگٹی نے اجلاس کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ

بقیہ نمبر 41 صفحہ 5 پر

دی اجلاس میں منصوبے کو فعال اور قابل عمل بنانے کے لیے محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری دے دی گئی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ کے دور افتادہ علاقوں کے عوام کو شدید گرمی میں بلا تعطل پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے 4 واٹر باوزر کی منظوری بھی دی انہوں نے پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی اسکیم کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکم دیا کہ یہ منصوبہ رواں سال جون تک ہر صورت مکمل کیا جائے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تا کہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے انہوں نے کہا کہ پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے پانی کی ترسیل کو قائم رکھا جائے وزیر اعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کو ہدایت کی کہ پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تا کہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی آبنوشی منصوبوں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | جمعہ 18 اپریل 2025ء بمطابق 19 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔105


# وزیراعلیٰ بلوچستان کا پولیس اور لیویز چیک پوسٹوں پر رشوت طلب کرنے کیخلاف فوری کارروائی کی ہدایت

**وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیک پوسٹوں پر کرپشن اور بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈی آئی جیز کو احکامات جاری کر دیے ہیں**

**شہریوں کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہو چکی ہیں جن میں اہلکاروں پر رشوت طلب کرنے اور گاڑیوں کو بلاجواز روکنے جیسے الزامات شامل ہیں**

**وزیراعلیٰ نے ان شکایات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ہو سکے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر میں پولیس اور لیویز چیک پوسٹوں پر ا اہلکاروں کی جانب سے رشوت طلب کرنے اور سامان کی ترسیل میں رکاوٹیں پیدا (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

اکرنے کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لے لیا ہے وزیراعلیٰ نے اس عمل کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے فوری طور پر کارروائی کی ہدایت جاری کر دی ہے ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیک پوسٹوں پر کرپشن اور بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈی آئی جیز کو احکامات جاری کر دیے ہیں کہ وہ چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے طرز عمل کی کڑی نگرانی کریں اور شکایات کی صورت میں فوری تادیبی اقدامات کیے جائیں ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہو چکی ہیں جن میں اہلکاروں پر رشوت طلب کرنے اور گاڑیوں کو بلاجواز روکنے جیسے الزامات شامل ہیں وزیراعلیٰ نے ان شکایات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ہو سکے اور سرکاری عملداری پر عوامی اعتماد بحال کیا جا سکے

## وزیراعلیٰ نے پیرکوہ کیلئے چار واٹر باوزر کی منظوری دیدی

**عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیرکوہ ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی اور پانی کی فراہمی کے منصوبوں سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سیکرٹری پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 2 پر)

عمران خان گچکی نے اجلاس کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی اجلاس میں منصوبے کو فعال اور قابل عمل بنانے کے لیے محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری دے دی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ کے دور افتادہ علاقوں کے عوام کو شدید گرمی میں بلا تعطل پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے 4 واٹر باوزر کی منظوری بھی دی انہوں نے پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی اسکیم کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکم دیا کہ یہ منصوبہ رواں سال جون تک ہر صورت مکمل کیا جائے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے انہوں نے کہا کہ پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے پانی کی ترسیل کو قائم رکھا جائے وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کو ہدایت کی کہ پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی آبنوشی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعہ 18 اپریل 2025ء بمطابق 19 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 105


## وزیراعلیٰ کی پیرکوہ ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی سکیم جون تک مکمل کرنے کی ہدایت

### پیرکوہ و دیگر دورافتادہ علاقوں میں پانی کی فراہمی کیلئے 4 واٹر باؤزر کی منظوری بھی دیدی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیرکوہ ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی اور پانی کی فراہمی کے منصوبوں سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سیکرٹری پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ عمران خان گچکی نے اجلاس کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی اجلاس میں منصوبے کو فعال اور قابل عمل بنانے کے لیے محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری دے دی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ کے دور افتادہ علاقوں کے عوام کو شدید گرمی میں بلاتعطل پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے 4 واٹر باوزر کی منظوری بھی دی انہوں نے پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی اسکیم کی ست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکم دیا کہ یہ منصوبہ رواں سال جون تک ہر صورت مکمل کیا جائے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے

## وزیراعلیٰ کا پولیس اور لیویز چیک پوسٹوں پر رشوت طلب کرنے کا نوٹس' کارروائی کی ہدایت

### عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے تاکہ سرکاری عملداری پر عوامی اعتماد بحال کیا جاسکے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیرکوہ ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی اور پانی کی فراہمی کے منصوبوں سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سیکرٹری پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ عمران خان گچکی نے اجلاس کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی اجلاس میں منصوبے کو فعال اور قابل عمل بنانے کے لیے محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری دے دی گئی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ کے دور افتادہ علاقوں کے عوام کو شدید گرمی میں بلاتعطل پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے 4 واٹر باوزر کی منظوری بھی دی انہوں نے پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی اسکیم کی ست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکم دیا کہ یہ منصوبہ رواں سال جون تک ہر صورت مکمل کیا جائے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے انہوں نے کہا کہ پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے پانی کی ترسیل کو قائم رکھا جائے وزیر اعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کو ہدایت کی کہ پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پیرکوہ ڈیرہ بگٹی آبنوشی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی سیکرٹری اطلاعات خواتین کرن بلوچ ملاقات کر رہی ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان




وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پیپلز پارٹی کے رہنما [illegible] ملاقات کر رہے ہیں


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعہ 18 اپریل 2025ء 19 شوال 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 106


# پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں تاخیر برداشت نہیں کرینگے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

### پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے

### پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی اور پانی کی فراہمی کے منصوبوں سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا سیکرٹری پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ عمران خان بگٹی نے اجلاس کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی اجلاس میں منصوبے کو فعال اور قابل عمل بنانے کے لیے محکمہ پی ایچ ای کی ایس این ای کی منظوری دے دی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ کے دور افتادہ علاقوں کے عوام کو شدید گرمی میں بلاتعطل پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے 8 واٹر باؤزر کی منظوری بھی دی انہوں نے پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی واٹر سپلائی اسکیم کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکم دیا کہ یہ منصوبہ رواں سال جون تک ہر صورت مکمل کیا جائے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پیرکوہ، سوئی، پھیلاوغ اور ڈیرہ بگٹی میں آبنوشی سے متعلق تمام منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے انہوں نے کہا کہ پیرکوہ کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے پانی کی ترسیل کو قائم رکھا جائے وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کو ہدایت کی کہ پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ منصوبے میں مزید خلل نہ پڑے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پیرکوہ ڈیرہ بگٹی آبنوشی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


CamScanner

روزنامہ میزان کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 78 | جمعۃ المبارک 18 اپریل 2025ء، 19 شوال المکرم 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 226


## وزیراعلیٰ بلوچستان کا چیک پوسٹوں پر رشوت اور بدانتظامی کا سخت نوٹس

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر میں چیک پوسٹوں اور موبائل چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کی جانب سے رشوت طلب کرنے اور [illegible] کی شکایات کا نوٹس لیا ہے (بقیہ صفحہ 21 نمبر 2)

کرنے کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے اس عمل کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے فوری تحقیقات کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیک پوسٹوں پر کرپشن اور بدانتظامی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈی آئی جیز کو احکامات جاری کر دیے ہیں کہ وہ چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے طرز عمل کی کڑی نگرانی کریں اور شکایات کی صورت میں فوری تادیبی اقدامات کیے جائیں۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں جن میں اہلکاروں پر رشوت طلب کرنے اور گاڑیوں کو بلاوجہ روکنے جیسے الزامات شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ نے ان شکایات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ہو سکے اور سرکاری عملداری پر عوامی اعتماد بحال کیا جا سکے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے میر عبدالعزیز محمد حسنی ملاقات کر رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی [illegible] سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے [illegible] رکن صوبائی اسمبلی [illegible] ملاقات کر رہے ہیں

EDIA
GROUP
Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
o. B.C.6 VOL XLV No. 1072 QUETTA Friday April 18, 2025 /Shawwal 19, 1446 Rs: 30



QUETTA: Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti presiding over a review meeting on Pir Koh Dera Bugti irrigation projects on Thursday.

# Bugti orders completion of Dera Bugti water projects by June

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti chaired a high-level meeting regarding drinking water supply and irrigation projects in Pirkoh, Dera Bugti. The meeting reviewed the progress of the projects in detail. Secretary PHE Department Imran Khan Gachki briefed the meeting on various aspects of the projects.

The meeting approved the necessary resources (SNE) of the PHE Department to make the project active and feasible.

Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti also approved 4 water bowsers to ensure uninterrupted supply of drinking water to the people of remote areas of Pirkoh during the intense heat. He expressed concern over the slow pace of the Pirkoh, Dera Bugti water supply scheme and ordered that this project be completed by June this year at all costs. The Chief Minister directed that all projects related to drinking water in Pirkoh, Sui, Phalaog, and Dera Bugti be completed as soon as possible so that clean water can be provided to the people. He stated that no delay will be tolerated in providing clean drinking water to the people of Pirkoh. All obstacles in the way of the project must be removed and water supply maintained.

The Chief Minister directed the Deputy Commissioner of Dera Bugti to take strict action against elements damaging pipelines so that the project is not disrupted further. The meeting was attended by Additional Chief Secretary Development and Planning Hafiz Abdul Basit, Principal Secretary Babar Khan, Secretary Finance Imran Zarkoon, and other senior officials. Moreover, a meeting of divisional and district officers of all government departments was held under the chairmanship of Commissioner Loralai Division Saadat Hassan, in which ADC Loralai Noor Ali Kakar, SEC C&W Roads Jahanzeb Khan, SEC & W Building Abdul Raziq, Director Local Government Sajid Naeem, Conservator Forest Muhammad Amin Mengal, SE Irrigation Nasrullah Khan, Divisional Director Food Authority Sharaf Ladin and other officers participated in large numbers. The presence of officers at the station, quality and timely completion of development projects and other issues were discussed in the meeting. Superintending Engineer C&W Roads Jahanzeb Khan said on this occasion that there are currently 102 ongoing schemes in Loralai district, in addition to which there are 20 new schemes for which tenders are yet to be issued. He said that work on Loralai-Sanjavi Road is progressing rapidly and will be completed soon. Work is also underway on Kangri-Mosakhel road. Daki-Chamalang Road is a big project on which there are security issues, on which Deputy Commissioner Daki has been contacted and this issue will be resolved. SEC&W Building Abdul Raziq also gave details of District Complex Daki, sports complexes in different districts and other projects. Commissioner Loralai Division Saadat Hassan told the participants that the present government is taking steps to provide basic amenities of life to the people and believes in the speedy and quality completion of development projects. No one will be allowed to create obstacles in the ongoing development work and strict action will be taken against him. He directed the officers of all departments to be present at the station and pay full attention to solving public problems.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1　　Dated: 18 APR 2025　　Page No. 12

## نصیر آباد میں سڑکوں کی تعمیر کے منصوبے جلد مکمل کیے جائیں، سلیم کھوسہ

**صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات کی زیر صدارت اجلاس، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا**

صحبت پور (خ ن) مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی زیر صدارت نصیر آباد سرکل میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے جائزہ اجلاس ہوا جس میں نصیر آباد سرکل کے سپرنٹنڈنگ انجینئر نصیر آباد سرکل کے علاوہ نصیر آباد سرکل کے تمام روڈ اور بلڈنگ سیکٹر کے ضلعی انجینئرز و آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں نصیر آباد سرکل میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق اسکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس کے علاوہ جن منصوبوں پر درپیش تکنیکی یا مالی مسائل تھے ان تمام منصوبوں کا بغور جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن صوبے کا گرین بیلٹ ہے جہاں زراعت کے حوالے سے سال بھر زمینداروں کی مصروفیات ہوتی ہیں اور انہیں وقت پہ اپنی زرعی اجناس کو منڈی تک پہنچانا ہوتا ہے لہذا جتنے بھی روڈ سائیڈ کے جاری ترقیاتی منصوبے ہیں ان کی تکمیل میں تیزی لائی جائے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ سیلاب کی تباہ کاریوں کے بعد نصیر آباد ڈویژن میں از سر نو انفراسٹرکچر کی تعمیر بالخصوص روڈ انفراسٹرکچر کی تعمیر حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے کیوں کہ کسی بھی علاقے کی ترقی اور خوشحالی کا دارومدار اسکے روڈ انفراسٹرکچر پر اگر شاہراہیں اچھی اور معیاری ہونگی تو علاقہ کی ترقی اور خوشحالی کو کوئی روک نہیں سکتا۔

## اتحاد سے دہشتگردی کے ناسور کو شکست دے سکتے ہیں، ظہور بلیدی

**آرمی چیف کا دہشتگردوں کو دوٹوک پیغام ریاستی محبت و یکجہتی کا عکاس ہے، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ آرمی چیف نے جس طرح بلوچستان کو پاکستان کی تقدیر اور ماتھے کا جھومر کہا اور دہشتگردوں کو دوٹوک پیغام دیا یہ بلوچستان کے جملہ مسائل کے حل، نوجوانوں کیلئے ریاستی محبت اور یکجہتی کی نہ صرف عکاس ہے بلکہ ایک طاقتور پیغام ہے کہ پاکستان ہر حال میں ناقابل تسخیر رہے گا آرمی چیف کا یہ کہنا کہ "جب تک پاکستان کے عوام اپنی فوج کے ساتھ ہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا ریاست اور عوام کے درمیان غیر متزلزل اتحاد کی نشانی ہے۔ آرمی چیف کی طرف سے کشمیر، فلسطین اور پاکستانی شہدا کے حق میں الفاظ کہنا اس بات کی دلیل ہے کہ پاک فوج نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے، تمام مسائل ومعاملات مذاکرات کی میز پر حل ہونگے، حکومت بلوچستان عوام کی پائیدار ترقی و خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہیں، اتحاد و اتفاق سے ہی دہشتگردی، لاقانونیت کے ناسور کو شکست دیکر عوام کی خدمت کر سکتے ہیں۔

Century Express Quetta

## بلوچستان میں عوام کی فلاح کے کام پر پروپیگنڈا ہو رہا: مصدق ملک

اسلام آباد (آئی این پی، این این آئی) وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا کہ (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ بلوچستان کے لوگوں کو دینے پر اعتراض سمجھ سے بالاتر ہے، بلوچستان کے عوام کی فلاح کے لیے کیے گئے کام پر پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ صحافیوں سے گفتگو میں انہوں نے کہا ہے کہ بین الاقوامی ادارے کہہ رہے ہیں کہ معیشت مستحکم ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ بلوچستان کے لوگوں کو دینے پر اعتراض سمجھ سے بالاتر ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## منشیات کا خاتمہ معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے، صوبائی مشیر کھیل

**نوجوان قوم کا سرمایہ انہیں اس ناسور سے محفوظ رکھنا سب کی اولین ترجیح ہونی چاہئے، مینا مجید**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ منشیات کا خاتمہ صرف حکومتی اداروں کا ہی نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کی اجتماعی ذمہ داری ہے انہوں نے صوبہ بھر میں منشیات کی روک تھام اور خصوصاً پوپی پلانٹ کی کاشت کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کی جانے والی موثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات قابل تحسین ہیں بلوچستان کے بعض علاقوں ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

میں پوپی پلانٹ کی کاشت کو تلف کرنے میں وہ زبردست اور موثر کارروائی کر رہے ہیں جو قابل ستائش ہے جبکہ زمینداروں سے خصوصی استدعا کی کہ وہ اس فصل کو ہرگز کاشت نہ کریں جو معاشرے کو جمود کی جانب لے جانے کا سبب بنتی جو معاشرے کیلئے ناسور سمجھی جاتی ہے اور دین میں بھی اسکی سخت ممانعت ہے مینا مجید بلوچ نے کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں، انہیں منشیات جیسے ناسور سے محفوظ رکھنا ہم سب کی اولین ترجیح ہونی چاہئے انہوں نے کہا کہ منشیات نوجوانوں کی ذہنی، جسمانی اور تعلیمی صلاحیتوں کو تباہ کر دیتی ہے اور انہیں ایک روشن مستقبل سے محروم کر دیتی ہے انہوں نے والدین، اساتذہ، علماء کرام، میڈیا اور سول سوسائٹی پر زور دیا کہ وہ نوجوانوں میں آگاہی پیدا کریں اور انہیں صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کریں صوبائی مشیر نے کھیلوں کے میدان آباد کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت بہتر بناتے بلکہ نوجوانوں کو منفی رجحانات سے بھی دور رکھتے ہیں انہوں نے محکمہ کھیل و امور نوجوانان کی جانب سے جاری مختلف پروگرامز اور آگاہی مہمات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف لانے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے

## پولیو موذی مرض اس کا خاتمہ انتہائی ضروری ہے، بخت کاکڑ

**بلوچستان میں جو اقدامات شروع کئے اسکے مثبت اثرات آنے شروع ہوگئے ہیں، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پولیو ایک موذی مرض ہے اس کا خاتمہ انتہائی ضروری ہے یہ معصوم بچوں کو نشانہ بناتا اس سے لاپرواہی کی صورت میں کارروائی کریں کے متعلقہ اداروں کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس حوالے بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کیلئے جو اقدامات کئے ان کی مثبت اثرات آنا شروع ......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ہوگئے ہیں مزید بہتری کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم میں خواتین اہلکاروں کی تعداد بڑھانے کی بھی ضرورت ہے اس کے بغیر مہم کو کامیاب بنانا ناممکن ہے سیکیورٹی رسک بھی زیادہ ہیں جس میں انتظامیہ کا تعاون درکار ہے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ حکومت پولیو مرض کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے جس کے لئے خطیر رقم خرچ کی جا رہی ہے انہوں نے تمام متعلقہ اداروں کو آپس میں رابطے کی ہدایت کی اور دستیاب ڈیٹا بروقت فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 18 APR 2025 Page No. 13

## میر علی حسن زہری کا دورہ حب، لیڈا میں اجلاس کی صدارت کی

### صوبائی وزیر نے حب میں ڈرائیونگ لائسنس برانچ کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا

حب (نمائندہ انتخاب) صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری کا دورہ حب، لیڈا میں اجلاس مختلف سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی جبکہ میر علی حسن زہری نے گزشتہ روز حب میں ڈرائیونگ لائسنس برانچ کا باقاعدہ افتتاح بھی کر دیا افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر حب [illegible] بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید فاضل شاہ بخاری سمیت دیگر موجود تھے۔ ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے موقع پر میر علی حسن زہری نے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کیلئے فارم جمع کروا دیے اس موقع پر میر علی حسن زہری کا کہنا تھا کہ حب میں ڈرائیونگ لائسنس برانچ کا افتتاح کرنے کے بعد اب عوام کو ڈرائیونگ لائسنس بنانے کے لئے دور جانے کی ضرورت نہیں کیونکہ اس سے قبل لائسنس بنانے کے لئے لوگوں کو اوتھل تک جانا پڑتا تھا انھوں نے کہا کہ حب کے عوام کے لئے نئے پروجیکٹس لانے کا سلسلہ ان شاء اللہ نہیں رکے گا کوشش یہی ہوگی کہ ہر ممکن عوامی خدمت جاری رکھوں عوام نے جو ذمہ داری دی ہے وہ پوری طرح نبھا سکوں۔

## بلوچستان کے لوگوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کریں گے، راحیلہ درانی

### جاپان میں سب سے زیادہ تمیز و تہذیب کا خیال رکھا جاتا ہے، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) پاک جاپان فرینڈ شپ سوسائٹی کوئٹہ اور جاپانی قونصلیٹ کراچی کے تعاون سے کوئٹہ میں جاپانی کیلنڈر کی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ جمعرات کو پاک جاپان کلچر سینٹر کوئٹہ میں جاپانی کیلنڈر کی نمائش کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، اعزازی قونصل جنرل جاپان سید ندیم شاہ، چیئرمین پاک جاپان فرینڈ شپ سید فیروز شاہ نے شرکت کی۔ سالانہ کیلنڈر میں جاپانی کلچر و ثقافت، کھانوں، خواتین، کھیل و نوجوان فائن آرٹ، تفریحی مقامات، پھولوں کی نمائش کی گئی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال جاپانی قونصلیٹ کی جانب سے کیلنڈر ایگزیبیشن کا انعقاد کیا جاتا ہے یہ تقریب ہمیشہ سے ہی دلچسپ رہی ہے کیلنڈر کی نمائش سے ہمیں جاپان کے کلچر کو دیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ صوبائی وزیر راحیلہ درانی نے کہا کہ جاپان میں سب سے زیادہ تمیز و تہذیب کا خیال رکھا جاتا ہے یہاں کے کاروباری افراد جاپان میں کام کر رہے ہیں بلوچستان کے لوگوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کریں گے۔

CamScanner

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 18 APR 2025 Page No. 14


## غیر قانونی تارکین وطن کو باعزت واپس بھیجا جا رہا ہے، چیف سیکرٹری

### مہاجرین کے انخلا کو تیز کرنے کیلئے وفاقی حکومت سے بات کرینگے، شکیل قادر خان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت غیر قانونی تارکین وطن اور اے سی سی کارڈ ہولڈرز کی باعزت طور پر وطن واپسی کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں صوبائی حکومت کی جانب سے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم نے بریفنگ دی چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے غیر قانونی، غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کی باعزت وطن واپسی کو یقینی بنایا جا رہا ہے حکومت نے اس بات کو یقینی بنایا ہے، کہ غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کے انخلا کے دوران کسی سے بدسلوکی نہیں کی جائے گی صوبائی حکومت دیگر ممالک کی طرح بین الاقوامی قوانین کے تحت ڈی پورٹیشن پالیسی پر عمل پیرا ہے وزیراعظم آفس، وفاقی حکومت اور حساس ادارے غیر قانونی مقیم باشندوں کی ڈی پورٹیشن مہم کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں تمام غیر قانونی مقیم شہریوں کا انخلا یقینی بنا رہے ہیں اجلاس کو بتایا گیا کہ جس ضلع میں غیر ملکی رہائش پذیر ہیں وہاں کے نادرا سے تصدیق کر کے چمن بارڈر اور برابچہ کے راستے سے منتقل کیا جاتا ہے چمن اور برابچہ بارڈر منتقلی کے وقت متعلقہ ضلع کے نادرا عملہ بھی ساتھ تعینات ہے چیف سیکرٹری نے کہا کہ افغان مہاجرین کے انخلاء کو یقینی بنانے کے لئے تمام ضلعی حکام اور متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں انخلاء کے عمل کو تیز کرنے کے لیے وزارت داخلہ سے بات کی جائیگی کہ نادرا ٹائمنگ بڑھانے اور دو شفٹوں کے لیے اپیل کی جائیگی انہوں نے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کو میپنگ بہتر کرنے اور روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


MASHRIQ QUETTA




چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## غیر ملکی و افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کی باعزت واپسی یقینی بنا رہے ہیں، چیف سیکرٹری

### حکومت نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ انخلا کے دوران کسی سے بدسلوکی نہیں کی جائے گی، شکیل قادر خان

### وزیراعظم آفس، وفاقی حکومت اور حساس ادارے غیر قانونی مقیم باشندوں کی ڈی پورٹیشن کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت غیر قانونی تارکین وطن اور اے سی سی کارڈ ہولڈرز کی باعزت طور پر وطن واپسی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی حکومت کی جانب....... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم نے بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے غیر قانونی، غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کی باعزت وطن واپسی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ حکومت نے اس بات کو یقینی بنایا ہے، کہ غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کے انخلا کے دوران کسی سے بدسلوکی نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت دیگر ممالک کی طرح بین الاقوامی قوانین کے تحت ڈی پورٹیشن پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم آفس، وفاقی حکومت اور حساس ادارے غیر قانونی مقیم باشندوں کی ڈی پورٹیشن مہم کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں، تمام غیر قانونی مقیم شہریوں کا انخلا یقینی بنا رہے ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت پاکستان نے تمام علاقوں میں مقیم افغان شہریوں کو 31 مارچ 2025 تک اپنے وطن واپس جانے کی ہدایت کی گئی تھی۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ اجلاس کو بتایا گیا کہ جس ضلع میں غیر ملکی رہائش پذیر ہیں وہاں کے نادرا سے تصدیق کر کے چمن بارڈر اور برابچہ کے راستے سے منتقل کیا جاتا ہے۔ چمن اور برابچہ بارڈر منتقلی کے وقت متعلقہ ضلع کے نادرا عملہ بھی ساتھ تعینات ہوتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 18 APR 2025

Page No. 18


## حکومتی کامیابیوں، عوامی فلاحی منصوبوں کو اجاگر کیا جائے، سیکرٹری اطلاعات

**پبلک ریلیشنز آفیسرز کو جدید ٹولز اور ٹیکنالوجیز سے استفادہ کرنا چاہیے، کام میں مزید جدت لائیں، عمران خان**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان کی زیر صدارت پبلک ریلیشنز آفیسرز (پی آر اوز) کا جائزہ اجلاس ہوا، جس میں محکمے کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مستقبل کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز محمد نور کھیتران، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سعید احمد شاہوانی سمیت تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تمام پبلک ریلیشنز افسران نے گزشتہ اجلاس میں دی گئی ہدایات کی روشنی میں اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی رپورٹس پیش کیں اور انکی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر تشہیر کرنے سے اور دیگر امور سے متعلق سیکرٹری اطلاعات کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے اپنے محکموں کی جانب سے حکومتی پالیسیوں، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو عوام تک پہنچانے کے لیے کی گئی کوششوں سے آگاہ کیا۔ سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور انفارمیشن ٹیکنالوجی، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور دیگر جدید عصری اطلاعاتی ذرائع کا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پبلک ریلیشنز آفیسرز کو ان جدید ٹولز اور ٹیکنالوجیز سے بھرپور استفادہ کرنا چاہیے تاکہ حکومتی پیغام کو زیادہ مؤثر اور وسیع تر انداز میں عوام تک پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے تمام پبلک ریلیشنز افسران کی مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا، تاہم انہیں ہدایت کی کہ وہ اپنے کام میں مزید جدت لائیں اور تخلیقی انداز اپنائیں۔ سیکرٹری اطلاعات نے کہا کہ پی آر اوز کا کردار حکومت اور عوام کے درمیان پل کا ہے، لہٰذا ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ صوبائی حکومت کے مثبت اقدامات اور عوامی مفاد میں کیے جانے والے فیصلوں کی بروقت اور درست ترجمانی کو یقینی بنائیں۔ سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کی قیادت میں، عوامی مفاد کو اولین ترجیح دیتے ہوئے بہترین اقدامات کر رہی ہے اور عوام کی خدمت کے لیے نئے مواقع پیدا کر رہی ہے۔ انہوں نے پی آر اوز کو ہدایت کی کہ وہ ان حکومتی کامیابیوں اور عوامی فلاح کے منصوبوں کو مؤثر انداز میں اجاگر کریں تاکہ عوام ان سے مکمل طور پر آگاہ رہیں اور حکومتی کوششوں کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔

## یوسف گیلانی کا عالمی فورم پر انتخاب اہم سفارتی کامیابی ہے، خالق اچکزئی

**یہ فورم مظلوم کشمیریوں کیلئے عالمی ضمیر کو بیدار کرنے میں مددگار ثابت ہوگا، قائم مقام گورنر**

اسلام آباد (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اسپیکر و قائم مقام گورنر کیپٹن (ریٹائرڈ) عبدالخالق خان اچکزئی نے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کو انٹرا پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس (ISC) کا بانی چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے اسے پاکستان کے لیے ایک اہم سفارتی اور پارلیمانی کامیابی قرار دیا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں اسپیکر/ قائم مقام گورنر بلوچستان نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کی قیادت میں اس نئے بین الاقوامی فورم کا قیام نہ صرف پاکستان کے پارلیمانی وقار میں اضافے کا باعث ہے بلکہ یہ عالمی سطح پر جمہوریت، مکالمے اور تعاون کے فروغ میں بھی سنگِ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ انٹرا پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس، چیئرمین سینیٹ کی مدبرانہ قیادت میں ایک مؤثر عالمی پلیٹ فارم کے طور پر ابھرے گی، جو نہ صرف مسئلہ کشمیر بلکہ امت مسلمہ کو درپیش اہم معاملات کو بھی بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ فورم مظلوم کشمیری عوام کی آواز بنے گا اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ان کے حق خودارادیت کی حمایت میں عالمی ضمیر کو بیدار کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ اسپیکر/ قائم مقام گورنر نے چیئرمین سینیٹ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان اسمبلی اور گورنر ہاؤس ملک میں جمہوری استحکام، پارلیمانی سفارت کاری اور علاقائی و عالمی امن کے فروغ کے لیے سینیٹ آف پاکستان کے ہر مثبت اقدام کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔

## ژوب، والد کا بچی کی لاش کے ہمراہ احتجاج، قومی شاہراہ بلاک کردی گئی

**طبی عملے کی غفلت کے باعث بیٹی جان سے گئی، والد کا الزام، انتظامیہ کی تحقیقات کی یقین دہانی**

ژوب (نامہ نگار) ڈی ایچ کیو ہسپتال میں طبی عملے کی مبینہ غفلت، کمسن بچی کی ہلاکت، والد کا عملے پر غفلت برتنے کا الزام، بچی کی لاش کے ہمراہ احتجاج، کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک کردی۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائیں گے۔ پولیس کی یقین دہانی پر شاہراہ کھول دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایک شہری شراف الدین بابڑ نے انتقال کر جانیوالی چھ ماہ کی بیٹی کی لاش کو کوئٹہ قومی شاہراہ پر رکھ کر احتجاج کرتے ہوئے شاہراہ ٹریفک کیلئے بلاک کر دی۔ اس موقع پر بچی کے والد نے بتایا کہ دو دن قبل بیٹی کو قے اور اسہال کی شکایت پر ڈی ایچ کیو ہسپتال لیکر گیا جہاں ایک ڈاکٹر نے چیک اپ کے بعد ڈرپ اور ادویات تجویز کی انہوں نے الزام لگایا کہ عملے نے مقررہ مقدار سے زائد ڈرپ لگائی جس کے نتیجے میں پیٹ پھولنے پر بیٹی کی حالت غیر ہوگئی جس کی اطلاع مذکورہ ڈاکٹر کو دیدی گئی مگر بیٹی کی حالت ابتر ہونے پر کوئٹہ لیجا رہے تھے کہ راستے میں بیٹی انتقال کر گئی انہوں نے عملے کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کا مطالبہ کیا انسپکٹر گلاب الدین کاکڑ نے پولیس کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر کامیاب مذاکرات کے بعد شاہراہ کھول دی گئی اس سلسلے میں رابطہ کرنے پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ڈاکٹر سلطان محمد موسیٰ خیل نے بتایا کہ ضروری تحقیقات کے بعد حقائق پیش کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہ بند کرنے کی بجائے ہسپتال انتظامیہ سے رابطہ کیا جاتا تو بہتر ہوتا انہوں نے کہا کہ جو بھی حقائق ہوں گے وہ سب کے سامنے لائیں گے۔ تحقیقات سے قبل کسی قسم کا موقف دینا مناسب نہیں ہے۔


Century Express Quetta


## سیف اللہ کھیتران کا پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال کا دورہ

**مختلف شعبوں کا معائنہ، مریضوں سے ملاقات، شعبہ امراض جلد کا افتتاح کیا**

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی سیف اللہ کھیتران نے پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال گوادر کا دورہ کیا اور مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا، مریضوں سے ملاقات کی اور فراہم کی جانے والی طبی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہیں ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر عفان فائق زادہ نے ہسپتال کی سرگرمیوں، آپریشنز، علاج کے نظام اور دستیاب سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی جی ڈی اے نے اس موقع پر کہا کہ پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال نہ صرف گوادر بلکہ پورے مکران ڈویژن کے لیے ایک عظیم نعمت ہے، جہاں عالمی معیار کے مطابق مفت طبی سہولیات میسر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ادویات، لیبارٹری ٹیسٹ، سرجری، کنسلٹنسی سمیت دیگر تمام سہولیات بغیر کسی معاوضے کے فراہم کی جا رہی ہیں، جو کہ قابل تحسین ہے۔ ڈائریکٹر جنرل کو آگاہ کیا گیا کہ یومیہ تقریباً ایک ہزار مریض ہسپتال سے استفادہ کرتے ہیں۔ جدید طبی آلات سے لیس لیبارٹری میں ہر قسم کے ٹیسٹ کیے جا رہے ہیں، جب کہ ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں گوادر کی تاریخ میں پہلی بار سی ٹی اسکین (ScanCT) کی سہولت متعارف کرائی گئی ہے جو کہ ایک انقلابی قدم ہے۔

## ایف اے او کی موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے حوالے سے ورکشاپ

**کمزور معاشروں کیلئے غذائی تحفظ اولین ترجیح، پراجیکٹ منیجر جولیس موچیمی**

**مون سون سے متاثرہ علاقوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، خطاب**

کوئٹہ (خ ن) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک و زراعت (ایف اے او) نے کوئٹہ کے سول سیکرٹریٹ میں BRAVE موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف مزاحمت اور ہنگامی حالات کے خطرات سے نمٹنے کے منصوبے کی صوبائی سطح پر افتتاحی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ یہ منصوبہ برطانیہ کے فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کے مالی تعاون سے چلایا جا رہا ہے، جس کا مقصد موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ آبادیوں میں موسمیاتی مزاحمت کو فروغ دینا، غذائی تحفظ کو بہتر بنانا، اور روزگار کے مواقع کو مستحکم کرنا ہے۔ BRAVE کنسورشیم کی قیادت انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائگریشن (IOM) کر رہی ہے، جبکہ اس میں ایف اے او، یونیسیف، کیئر انٹرنیشنل، ایکٹیڈ اور اسلامی ریلیف جیسے ادارے شامل ہیں۔ یہ منصوبہ خاص طور پر 2024 کے مون سون سے متاثرہ علاقوں صحبت پور بلوچستان، سجاول سندھ، اور مظفر گڑھ پنجاب پر توجہ مرکوز کر رہا ہے۔ ہر ضلع میں یہ منصوبہ تین یونین کونسلوں کے 60 گاؤں پر مشتمل ہوگا، جس سے تقریباً 9,000 گھرانے مستفید ہوں گے۔ اس منصوبے کا ایک اہم جزو "موسمیاتی مزاحمت اور انسانی ردعمل فریم ورک کے تحت "ایکسٹینڈڈ ٹیکنیکل ورکنگ گروپ ہے۔ یہ گروپ زراعت، مویشی پالنا، چراگاہوں، جنگلات، قابل تجدید توانائی اور آبی زراعت (ایکوا کلچر) میں موسمیاتی مزاحمت پر مبنی عملی اقدامات پر کام کرے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 18 APR 2025 Page No. 16


# افغان مہاجرین کو باعزت طریقے سے انکے ملک روانہ کیا جارہا ہے، ڈی سی خضدار

## ضلعی انتظامیہ کا کردار حکومت کی دی گئی ہدایات اور ضابطہ پر عملدرآمد کرنا ہے، اسی کی پیروی کی جارہی ہے

## کسی بھی طرح افغان مہاجرین کے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی اس سے متعلق لیویز فورس کو خصوصی ہدایات دی گئی ہیں

## اب تک کافی تعداد میں خاندان خضدار سے اپنے ملک جاچکے ہیں اور مزید ان کی روانگی کا سلسلہ جاری ہے، یاسر دشتی

خضدار (غ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے کہا ہے کہ افغان مہاجرین کو باعزت طریقے سے ان کے اپنے ملک روانہ کیا جارہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کا کردار حکومت کی دی گئی ہدایات اور ضابطہ پر عملدرآمد کرنا ہے اور اسی کی پیروی کی جارہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین بشیر احمد جنگ اور وائس چیئرمین عبدالقدیر زہری سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس سے پہلے آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے عہدیداروں نے افغان مہاجرین کے انخلاء اور ان کے کاروبار کے ساتھ رعایت و باعزت طریقے سے ان کو روانہ کرنے کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر خضدار تجاویز دیئے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کا کہنا تھا کہ کسی بھی طرح افغان مہاجرین کے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی اس متعلق لیویز فورس کو خصوصی ہدایات دیئے گئے ہیں کہ ان کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے ان کی عزت نفس کا خیال رکھا جائے تاکہ وہ بغیر کسی دقت کے اپنے وطن روانہ ہوں۔ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کا کہنا تھا کہ اب تک کافی تعداد میں خاندان خضدار سے اپنے ملک جاچکے ہیں اور مزید ان کی روانگی کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کو باور کرایا کہ افغان مہاجرین کو نہ مصائب میں ڈالا جائیگا اور نہ ہی ان کے لئے مشکلات پیدا کیئے جائیں گے باعزت طریقے سے انہیں ان کا ملک روانہ کردیا جائے گا۔

# بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی تعلیمی اداروں میں کینٹینز کی چیکنگ، خصوصی مہم کا آغاز

## [illegible] گرلز اسکول و کالج کی کینٹین کا تفصیلی معائنہ، غیر معیاری خوردنی اشیاء [illegible]

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے تعلیمی اداروں کی کینٹینز اسٹاف اور طلباء کو حفظان صحت کے اصولوں سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کیلئے خصوصی مہم کا آغاز کردیا اس سلسلے میں بی ایف اے کی خصوصی ٹیم نے اسلامیہ گرلز اسکول اور اسلامیہ گرلز کالج کوئٹہ کی کینٹینز کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں ناقص اور غیر معیاری خوردنی اشیاء کا سختی سے نوٹس لیا گیا علاوہ ازیں اسکول و کالج ہذا کے طلباء کو حفظان صحت کے اصولوں سے بھی آگاہ کیا گیا، بالخصوص غیر معیاری

بقیہ ......... 44 صفحہ نمبر 7 پر

اور ممنوعہ خوردنی اشیاء مثلاً کاربونیٹڈ مشروبات و گلی کوچوں میں فروخت ہونے والی ناقص خوراک کے انسانی صحت پر مضر اثرات بارے تفصیل سے آگاہی دی گئی ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی وقار خورشید عالم کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ صحت مند طلباء ایک محفوظ مستقبل کی ضمانت ہیں بچوں کی بہتر نشوونماء اور تعلیمی کارکردگی کے لئے ضروری ہے کہ انہیں گھر کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں میں بھی محفوظ، معیاری اور غذائیت سے بھرپور خوراک میسر ہو اتھارٹی کی مہم کا مقصد تعلیمی اداروں میں معیاری خوراک کی دستیابی کو یقینی بنانا، بچوں میں صحت بخش غذائی عادات کا فروغ اور بچوں کو ایک محفوظ و صحت مند تعلیمی ماحول کی فراہمی میں کردار ادا کرنا ہے۔ مزید برآں اسکول اور کالج کی انتظامیہ اور اساتذہ نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے اس اقدام کو سراہا اور اسے بچوں کی بہتر صحت کیلئے اہم پیش قدمی قرار دیا۔

# خاندانی منصوبہ بندی کے ذریعے صحت مند معاشرے کیلئے کردار ادا کیا جاسکتا، سیکرٹری

## ماں و بچے کی صحت کے حوالے سے خاندانی منصوبہ کے ذرائع اپنانا ناگزیر ہیں، عبداللہ خان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکرٹری پاپولیشن بلوچستان عبداللہ خان نے کہا ہے کہ خاندانی منصوبہ بندی کے ذریعے ہی صحت مند معاشرے کی تشکیل اور توازن میں اپنا کردار ادا کیا جاسکتا ہے جب بچے صحت مند ہوگا تو تعلیم سمیت دیگر شعبوں میں اپنی قابلیت کا لوہا منوائے گا محکمہ کے ذمہ داران اور کمیونٹی بیسڈ فیملی ویلفیئر ورکر پاپولیشن کے مسائل کو اجاگر

بقیہ ......... 43 صفحہ نمبر 7 پر

کرنے کیلئے گھر گھر پہنچانے میں اپنا مثبت کردار ادا کررہے ہیں ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے خاندانی منصوبہ کے ذرائع کو اپنانا ناگزیر ہے تعلیم، صحت سمیت دیگر اداروں کی ذمہ داری ہے کہ خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت کے وسائل اور سروس لوگوں تک پہنچائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز محکمہ بہبود آبادی کی جانب سے معاشی اور سماجی زندگی پر متوازن خاندان کے اثرات کے حوالے سے آر ایچ سی سینٹر فاطمہ جناح ہسپتال میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر شیرین، جمعہ خان کاکڑ، عبدالستار شاہوانی، ڈاکٹر سرمد سعید، محمد ایوب کاکڑ، ڈاکٹر عمرین مینگل، مشتاق مینگل، ولی محمد بڑیچ، نوراللہ ترین، ڈاکٹر طاہرہ ممتاز، عبداللطیف محمد حسنی اور فیملی ورکرز کی بڑی تعداد موجود تھی۔ عبداللہ خان نے کہا کہ آبادی بڑھنے سے خاندان اور معاشرے پر برے اثرات پڑتے ہیں

# نکاح نامہ چیک کرنا پولیس کا کام نہیں، ڈی آئی جی کوئٹہ

## پولیس شہریوں کو ہراساں کرنے کی بجائے امن وامان قائم اور پرسکون ماحول مہیا کرے

## افغان مہاجرین کو واپس بھیجنے کیلئے قانونی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھ کر کام کررہے ہیں، اعتزاز گورایا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا نے کہا ہے کہ پولیس کا فرض ہے کہ شہریوں کو ہراساں کرنے کی بجائے امن وامان قائم کرکے انہیں پرسکون ماحول مہیا کریں اور نکاح نامہ چیک کرنا پولیس کی ذمہ داری نہیں ہمارا کام کرائم پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ بہتر پولیسنگ اور دہشت گردی کا خاتمہ یقینی بنانا ہے میڈیا

بقیہ ......... 62 صفحہ نمبر 7 پر

سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی آئی جی کوئٹہ نے کہا کہ نکاح نامہ چیک کرنا پولیس کا کام نہیں اور نہ ہی ایسے کام کرکے لوگوں میں ہراسمنٹ پیدا کرنی ہے بلکہ ہم نے اپنے عملی اقدامات سے لوگوں کی مدد کرتے ہوئے انہیں تحفظ فراہم کرنا ہے جس میں ہماری ذمہ داری بیسک پولیسنگ، کرائم اور دہشت گردی کے خاتمے پر توجہ دینی ہے جو ہماری ذمہ داری ہے افغان مہاجرین کو واپس بھیجنے کیلئے ہمیں وفاق کی جانب سے جو ہدایات ملی ہیں ہم نے قانونی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھ کر ان پر کام کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 18 APR 2025

Page No. 17


## ملکی بقاء کیلئے انصاف اور امن کا فروغ ناگزیر ہے' جے یو آئی

### ناقص پالیسیوں کے باعث آج لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں' مولانا شرودی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی صاحبزادہ مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بزنجو مولانا حاجی محمد عیسیٰ، مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا قاری نذر محمد حقانی مولانا احمد جان ساسولی مولانا عبدالمجید مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی رضا خان سید نصیب اللہ آغا امین جان رند ملک روزی الدین عبدالباری بازئی ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹر عبدالباری شہزاد جمعیت اور طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے کنوینر حافظ حبیب الرحمن نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے آج ملک عدم استحکام اور لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں جب تک حکمران طبقہ اپنے رویے اور طرز حکمرانی میں تبدیلی نہیں لاتے ملکی استحکام و سلامتی مفقود ہوگا انصاف اور امن کا فروغ ملک کی بقا کیلئے ناگزیر ہے رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں امیر کیلئے الگ اور غریب کے لیے الگ قانون ہے جس سے ہمیشہ ظلم اور بغاوت جنم لیتی ہے 78 سالہ محرومیوں کے نتیجے میں آج ملک میں بدامنی ہے مسلط کٹھ پتلی حکمران بیانات کے ذریعے ملک میں امن ترقی اور خوشحالی نہیں لاسکتے۔


MASHRIQ QUETTA


## وزیراعلیٰ کے عملی اقدامات کی بدولت دیرینہ مسائل حل ہورہے ہیں' علی مددجتک

### میر سرفراز بگٹی کی کوئٹہ کراچی شاہراہ کی مرمت کیلئے آواز بلند کرنا قابل ستائش ہے' ایم پی اے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اسمبلی کے رکن حاجی علی مدد جتک نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی اسلام آباد میں کوئٹہ' کراچی شاہراہ کے حوالے سے موثر آواز اٹھانے پر ان کی کاوشوں کو زبردست الفاظ میں سراہا انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیر اعلیٰ نے قومی سطح پر جس جرات مندی سے 'خونی روڈ' کہلانے والی اس اہم شاہراہ کا مسئلہ اٹھایا وہ قابل تعریف ہے ان کی بھرپور توجہ اور عملی اقدامات کے نتیجے میں اب یہ دیرینہ مسئلہ حل کی جانب بڑھ رہا ہے۔.........


بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر


ایم پی اے حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی نئی راہ پرگامزن ہے اور اور صوبے کے عوام ان کی خدمات، وژن اور عملی اقدامات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ موجودہ حکومت عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کیلئے اپنا مشن جاری رکھے گی۔

## پیٹرول کی رقوم سے بلوچستان کی شاہراہیں تعمیر کرنا درست نہیں' سیاسی جماعتیں

### ہم ترقی کے مخالف نہ ہی ایسے اعلانات پر بلا جواز تنقید کرتے ہیں' پی ٹی آئی، اے این پی، جمعیت شیرانی

کوئٹہ (اے این این) سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے ایک بار پھر بلوچستان کو ملکی خزانے سے ترقی دینے کی بجائے پیٹرول کی مد میں ملنے والی رقوم سے شاہراہ تعمیر کرنا درست نہیں اس سے صوبوں اور وفاق کے درمیان مزید خلل پیدا ہونے کا خدشہ ہے وفاقی حکومت جس طرح پنجاب پر رقم خرچ کررہی ہے اسی طرح بلوچستان کو بھی اپنا صوبہ سمجھ کر ترقیاتی کاموں کے فنڈز سے ہی تعمیر کرے' یہ بات پاکستان تحریک انصاف .........


بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر


کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ' جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شمس کرد جمعیت علماء اسلام شیرانی گروپ کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک اور دیگر نے حالیہ وفاقی حکومت کی جانب سے اعلانات پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہم ترقی کے مخالف نہ ہی کسی کے ایسے اعلانات پر بلا جواز تنقید کرتے ہیں لیکن اس ملک کے استحکام اور مضبوطی کیلئے بلوچستان نے ہمیشہ کردار ادا کیا اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے وفاق نے ہمیشہ بلوچستان کو نظر انداز کر کے ایسی پالیسی اختیار کی جس سے صوبے اور وفاق کے درمیان تعلقات بہتر بنانے کی بجائے خرابی کی طرف لے جانے کی کوشش کی ہے


Century Express Quetta


## قومی وسائل لوٹنے والوں کا احتساب ہوگا، پی کے نیپ

### اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پارٹی کو منظم کررہے ہیں' نصراللہ زیرے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ صوبائی اسمبلی سے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ 2025 کی منظوری صوبے کے غیور پشتون و بلوچ اقوام کے ساتھ ناانصافی ہے۔ ان نام نہاد حکمرانوں کا وسائل لوٹنے پر احتساب ضرور ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے افغانیہ خروٹ آباد علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام کلی کاکڑ آباد کلیوال شہید یونٹ کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر خان جی، رحمت اللہ اور دیگر کی قیادت میں درجنوں افراد نے پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اجتماع سے پارٹی کے فقیر خوشحال کاسی، سیکرٹری نداسنگر، اکبر کلیوال اور خان جی نے (باقی صفحہ 5 نمبر 33)

بھی خطاب کیا، اس موقع پر بشیر خان کو سیکرٹری، سفر خان کو سینئر معاون سیکرٹری، جبکہ نجیب افغان، نور محمد، داؤد خان، عطا اللہ، اور جنتی پشتون کو معاونین منتخب کیا گیا، جن سے پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے حلف لیا۔ مقررین نے نئے شامل ہونے والے سیاسی کارکنوں اور یونٹ کے ایگزیکٹوز کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایک منظم قومی سیاسی جماعت، اپنے تنظیمی و نظریاتی بنیادوں پر ہی قومی نجات کی تحریک کو منزل تک پہنچا سکتی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پارٹی کو منظم کررہی ہے۔ مقررین نے کہا کہ 12 مارچ کو رمضان کے مقدس مہینے میں مائنز منرل ایکٹ 2025 کو صوبائی اسمبلی سے غیر قانونی طریقے سے منظور کرایا گیا، حالانکہ آئین کے مطابق معدنی وسائل پر صرف صوبے کا حق ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## ساحل و وسائل کا تحفظ ایک منظم جماعت ہی سرانجام دے سکتی ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

### نیشنل پارٹی کوشقلات کے ورکرز اپنی پارٹی اور یونٹ کو مضبوط بنانے کیلئے ایمانداری سے جدوجہد کریں

تربت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نیشنل پارٹی کوشقلات یونٹ کا دورہ کیا، نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری برائے مکران ڈویژن ابوالحسن بلوچ اور نعیم عادل ان کے ہمراہ تھے، انہوں نے قاسم جان کچکی کے بیٹھک میں نیشنل پارٹی کوشقلات یونٹ کے


بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر


اجلاس میں شرکت کی، اس موقع پر قاسم جان کچکی، اکبر سیاہل عبدالمجید، ثوبان کچکی، آصف دوست، حاجی مولا بخش، یونٹ سیکرٹری شعیب عصاء، ڈپٹی یونٹ سیکرٹری منصور احمد، خیام الطاف، شے جان بزنجو، رحمت گل، شکیل لعل، عبدالعزیز، اویس رسول بخش، بی ایس او پجار کے مرکزی جنرل سیکرٹری عابد عمر، نعیم واحد، داؤد دلمراد، ہاشم پہلوان، اخلاق احمد، امام بخش، عبدالرحیم، ادریس قاضی، سردمحمد، اللہ داد، طارق سید موجود تھے۔ کوشقلات یونٹ کے ورکروں سے بات چیت کرتے ہوئے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ کوشقلات یونٹ تحصیل تربت بلکہ ڈسٹرکٹ کیچ کے فعال اور منظم ترین یونٹ میں شمار ہوتا ہے، لہٰذا نیشنل پارٹی کوشقلات کے ورکرز اپنے پارٹی اور یونٹ کو مضبوط بنانے کیلئے مزید ایماندارانہ جدوجہد کریں تاکہ نیشنل پارٹی ہر علاقے میں ایک مضبوط اور طاقت ور پارٹی بن سکے، کیونکہ بلوچ اقوام اور اس کے ساحل وسائل کا تحفظ ایک منظم پارٹی اور اس کے منظم اور طاقت ور ورکرز ہی سرانجام دے سکتے ہیں، لہٰذا نیشنل پارٹی کے ورکرز سیاست کے ساتھ ساتھ علاقائی سوشل کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے علاقائی مسائل اجاگر کرتے ہوئے سالانہ پی ایس ڈی پی کی بنیاد پر کوشقلات کے مسائل حل کروائیں تاکہ کوشقلات کے لوگوں کو اپنے بنیادی ضروریات میسر ہوسکیں کیونکہ نیشنل پارٹی کا وژن ہی بلوچ اقوام کو اپنے بنیادی حقوق سے مستفید کرنا ہے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 18 APR 2025 Page No. 18


## نوشکی: کلی قادر آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، باپ بیٹا جاں بحق

**اپنی گاڑی میں شہر آرہے تھے، بیٹا کوئٹہ منتقلی کے دوران اور باپ ٹراما سنٹر میں انتقال کرگیا**

نوشکی (نامہ نگار) کلی قادر آباد میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے باپ اور بیٹا زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق قادر آباد کے رہائشی میران جان اور نصیب اللہ اپنی گاڑی میں قادر آباد سے شہر آ رہے تھے کہ راستے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں باپ اور بیٹا دونوں زخمی ہو گئے زخمیوں کو میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال میں طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کیا گیا۔ تاہم بیٹا راستے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا جبکہ والد ٹراما سنٹر کوئٹہ میں دو گھنٹے بعد زندگی کی بازی ہار گیا۔ باپ بیٹے کے جنازے اٹھائے گئے تو کہرام مچ گیا دونوں کو مقامی قبرستان نوشکی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

## تربت: گروکی ندی سے لاش برآمد

تربت (نامہ نگار) گروکی ندی سے لاش برآمد ہوئی ہے جس کی ہسپتال میں شناخت شیر خان ولد نذر ساکن پسنی وارڈ نمبر 1 کے نام سے ہوئی۔

## میزئی اڈہ سے لاش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) میزئی اڈہ کلی نیو مجک کی حدود سے لیویز کو 3 روز پرانی لاش ملی جس کی شناخت عبید اللہ کے نام ہوئی۔


INTEKHAB QUETTA


## گومازی میں ایک شخص قتل، گروگ ندی سے نعش برآمد

**دونوں مقتولین کو گولیاں مار کر قتل کیا گیا، نعشیں اسپتال منتقل کر دی گئیں**

تمپ/تربت (نامہ نگار + بیورو رپورٹ) تمپ (نامہ نگار)) مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جان بحق، اطلاع کے مطابق تمپ کے علاقہ گومازی میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا جس کی شناخت نسیم کوہی کے نام سے ہوئی ہے، ذرائع کے مطابق قتل کا یہ واقعہ بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

نماز مغرب سے پہلے پیش آیا، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ دریں اثناء گروک ندی سے لاش برآمد، تعلق پسنی سے بتایا جاتا ہے، پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ شب تربت یونیورسٹی کے پیچھے گروک ندی سے ایک لاش برآمد کی گئی ہے جسے شناخت کے لیے ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کیا گیا جہاں لاش کی شناخت شیر خان ولد نظر سکنہ پسنی وارڈ نمبر 1 سے کی گئی ہے، ہسپتال ذرائع کے مطابق لاش پر گولیوں کے نشانات تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 8

Dated: 18 APR 2025 Page No. 19


# ڈیرہ مراد جمالی خطیر رقم خرچ ہونے کے باوجود سیوریج سسٹم درست نہ ہوسکا

امراض پھیلنے لگے

## ڈویژنل ہیڈکوارٹر کوڑے دان میں تبدیل' نکاسی آب کا موثر نظام بنانے کی ضرورت ہے' شہری ایکشن کمیٹی کے عہدیداروں کا مطالبہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیرآباد کے ڈویژنل ہیڈکوارٹر ڈیرہ مراد جمالی میں سیوریج کے ناقص نظام کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہے شہر کی مختلف گلیوں اور سڑکوں پر گندگی کے انبار لگے ہوئے ہیں جبکہ نکاسی نہ ہونے کے باعث گندا پانی جگہ جگہ جمع ہونے سے خطرناک مچھروں کی افزائش میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے جس سے وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے عوامی حلقوں نے بتایا کہ ہر آنے والے دن کے ساتھ شہر کے مسائل میں کمی بجائے اضافہ ہورہا ہے مختلف ادوار میں ہر حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کے نام پر کروڑوں روپے کے بجٹ جاری کیے مگر نصیرآباد کے عوام کی بدقسمتی کہ ان منصوبوں کے ثمرات سے لوگ آج تک محروم ہیں میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے ذمہ دار حکام کی عدم توجہی یا بے بسی کا عالم یہ ہے کہ شہر ایک کوڑے دان میں تبدیل ہوتا جارہا ہے شہر کی خوبصورتی کے نام پر کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود بہتری کے آثار کہیں نظر نہیں آرہے شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبدالرحیم لہڑی سید عبدالقادر شاہ اور خداوند بخش مینگل کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ گندے پانی کی نکاسی ایک ایسا مسئلہ ہے جو نظر انداز کرنے سے مزید بگڑتا جارہا ہے گندے پانی میں مختلف اقسام کے بیکٹیریا، وائرس اور پیراسائٹس موجود ہوتے ہیں جن سے ہیضہ' ٹائیفائیڈ' ہیپاٹائٹس اے اور ای' پیچش' جلدی بیماریاں وباء کی شکل اختیار کرسکتی ہیں یہ بیماریاں خاص طور پر بچوں اور ضعیف لوگوں کے لیے مہلک ثابت ہوسکتی ہیں حکومت اور متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ عوام میں صفائی کے بارے میں آگاہی پیدا کرکے شہر میں نکاسی آب کا موثر نظام بنانے کی ضرورت ہے جو زمینی حقائق کے مطابق ہونا چاہیے انہوں نے مطالبہ کیا کہ ماضی میں آنے والے فنڈز کی تحقیقات کرکے حقائق سامنے لانے کی ضرورت ہے۔


INTEKHAB QUETTA


# شادی کور، سوڈ اور انکاڑہ ڈیمز میں پانی کا ذخیرہ ختم

ضلع گوادر میں ایک مرتبہ پھر پانی کے شدید بحران کا خدشہ پیدا ہوگیا، صوبائی حکومت اور پی ایچ ای کی جانب سے تاحال ہنگامی یا متبادل پلان پیش نہ کیا جاسکا

## پانی کی قلت کے پیش نظر بروقت اور مربوط اقدامات نہ کئے گئے تو گوادر ایک بڑے انسانی بحران کی زد میں آسکتا ہے، عوامی حلقے

پسنی (انتخاب رپورٹ) شادی کور، سوڈ اور انکاڑہ ڈیمز خشک ہونے لگے، شدید پانی بحران کا خدشہ، ضلع گوادر ایک مرتبہ پھر پانی کے شدید بحران کی لپیٹ میں آنے کو ہے۔ معتبر ذرائع کے مطابق، شادی کور ڈیم، سوڈ ڈیم اور انکاڑہ ڈیم میں پانی کا ذخیرہ تقریباً ختم ہوچکا ہے، جس کے بعد خطے میں پانی کی قلت کے سنگین اثرات مرتب ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ یاد رہے کہ گوادر ماضی میں بھی متعدد بار پانی کے بدترین بحرانوں کا سامنا کرچکا ہے۔ ان ادوار میں میرانی ڈیم سمیت دیگر قریبی آبی ذخائر سے پانی ٹینکرز کے ذریعے شہر تک پہنچایا جاتا رہا، لیکن یہ عارضی انتظامات شہر کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے آگے بے بس دکھائی دیے۔ ماہرین [ماحول]یات اور مقامی حکام نے خبردار کیا ہے کہ رواں سال [گ]رمی کی شدت معمول سے کہیں زیادہ ہوگی، جس سے [پا]نی کا بحران مزید شدت


بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر


اختیار کرسکتا ہے۔ فی الوقت شادی کور، سوڈ اور انکاڑہ جیسے اہم ذخائر کا خشک ہونا ایک الارمنگ صورتحال کی جانب اشارہ کررہا ہے۔ صورتحال کی سنگینی کے باوجود تاحال حکومت بلوچستان اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHB) کی جانب سے کوئی ہنگامی یا متبادل پلان پیش نہیں کیا گیا۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ پانی کی قلت کے پیش نظر بروقت اور مربوط اقدامات نہ کیے گئے تو گوادر ایک بڑے انسانی بحران کی زد میں آسکتا ہے۔ اگر موجودہ حالات پر فوری توجہ نہ دی گئی تو گوادر، جو سی پیک جیسے بڑے منصوبوں کا مرکز ہے، اپنی بنیادی ضروریات کے لیے بھی محتاج ہو جائے گا۔ پانی جیسے بنیادی حق کی عدم دستیابی نہ صرف شہری زندگی کو مفلوج کرسکتی ہے بلکہ ترقیاتی منصوبوں کو بھی شدید متاثر کرے گی۔

# چاغی لنک روڈ کی تعمیر میں تاخیر، شہری مشکلات سے دوچار

## کروڑوں روپے کے ضیاع کا خدشہ، وزیراعلیٰ بلوچستان اور ایم پی اے نوٹس لیں

چاغی (نامہ نگار) چاغی شہر شاپنگ گلی روڈ، چاغی عیدگاہ روڈ، چیف آف چاغی لنک روڈ، چاغی لیویز تھانے روڈ تو آر ایچ سی اسپتال، چاغی اسلامیہ اسکول لنک روڈ کی تعمیر میں تاخیر، چاغی عوام کے تشویش میں اضافہ، شہری مصائب سے دوچار ہیں حکام بالا نوٹس لیں متعلقہ ٹھیکیداران جلد کام شروع کریں اور منصوبے کی تکمیل کے لئے اقدامات کئے جائیں عوامی حلقوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق چاغی شاپنگ گلی روڈ، چیف آف چاغی لینک روڈ، چاغی عیدگاہ روڈ، گلی سردار علی آحمد خان سنجرانی لنک روڈ (نزد اسلامیہ اسکول) چاغی لیویز تھانہ تو آر ایچ سی چاغی لنک روڈ، کے تعمیر سست روی اور تاخیر کا شکار، کروڑوں روپیہ ضائع ہونیکا خدشہ ہیں جس کے وجہ سے چاغی کے عوام اور شاپنگ گلی کے دکانداروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیں چاغی شاپنگ گلی اور گلی سردار علی آحمد خان سنجرانی لنک روڈ پر پہلے مرحلے میں ٹھیکیداران نے مٹی ڈال کر کام ادھورا چھوڑ دیے ہیں جس کے وجہ عوام ذہنی کوفت میں مبتلا ہیں مٹی اور گرد و غبار سے عوام سخت پریشان رہتے ہیں چاغی شاپنگ گلی روڈ، چاغی عیدگاہ روڈ، چاغی آر ایچ سی اسپتال لنک روڈ اور گلی سردار علی احمد خان سنجرانی لنک روڈ کے عدم تعمیر کی وجہ سے علاقے کے لوگ سخت پریشان ہیں عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، ایم پی اے چاغی حاجی صادق خان سنجرانی چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر رخشان ڈویژن، ڈی سی چاغی عطاء المنعم محمد حسنی سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ چاغی شاپنگ گلی روڈ، چاغی عیدگاہ روڈ چاغی آر ایچ سی اسپتال لنک روڈ اور چاغی گلی سردار علی آحمد خان سنجرانی لنک روڈ کی عدم تعمیر کا نوٹس لیں۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF P...



## بلوچستان کا این 25 شاہراہ منصوبہ، وفاقی حکومت کی جانب سے اہم تحفہ!

ملک کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں دو رویہ قومی شاہراہیں نہ ہونے کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں ماہانہ سینکڑوں جبکہ سالانہ ہزاروں قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں۔ صوبہ میں دیگر مسائل بھی بہت زیادہ ہیں مگر موٹرویز نہ ہونے کے برابر ہیں۔ بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتوں سمیت ہر مکتبہ فکر اور عوام کا یہ دیرینہ مطالبہ رہا ہے کہ این 25 شاہراہ کو دو رویہ بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات سمیت خونی حادثات کا تدارک ممکن ہوسکے۔ موجودہ وفاقی حکومت نے غیر معمولی اقدام اٹھا کر بلوچستان کو بڑا تحفہ دیا ہے این 25 شاہراہ کو دو رویہ بنایا جارہا ہے جس سے بلوچستان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور اس منصوبہ کے اعلان کو سراہا جارہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان کا ٹریک 2 ہزار کے قریب جانیں نگل چکا، اس خونی ٹریک کو ہائی وے بنانے جارہے ہیں۔ اسلام آباد میں جناح اسکوائر انڈر پاس کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان میں سڑکوں کے منصوبے کی مخالفت کرنے والے تنگ نظر ہیں، کراچی، قلات، خضدار اور کوئٹہ شاہراہ منصوبہ اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان کی اس سڑک کو جسے خونی ٹریک بھی کہا جاتا ہے، ہائی وے بنانے جارہے ہیں، اس کی کوالٹی موٹروے جیسی ہوگی، 2 سال میں 300 ارب سے زائد کے تخمینے سے شاہراہ تعمیر ہوگی، بلوچستان کے عوام کو ایسا منصوبہ چاہیے تھا جو تمام اقوام کے دل کی آواز ہو، این ایف سی میں بھی بلوچستان کا کوٹا ڈبل کردیا گیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنا حکومت اور مسلح افواج کا وژن ہے، ٹیم ورک سے ملکی معیشت مستحکم ہوگئی ہے، اب ہم ترقی و خوش حالی کے سفر پر گامزن ہیں، بہترین کاوشوں کے نتیجے میں پاکستان کی عالمی سطح پر درجہ بندی میں بہتری آئی، پاکستان کی تکمیل تمام اکائیوں سے ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ وزیراعظم نے گزشتہ دنوں کہا تھا کہ تیل کی قیمتیں کم ہوئی ہیں، اس کا فائدہ عوام کو منتقل کرنے کے بجائے بلوچستان پر لگائیں گے اور یہ رقم بلوچستان کی اہم شاہراہ این 25 کو دو رویہ کرنے میں استعمال کی جائے گی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے وفاقی وزراء جام کمال خان اور خالد خان مگسی کے ہمراہ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم اور وفاقی حکومت کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کی طرف سے یہ بلوچستان کے عوام کے لیے خیرسگالی کا اقدام ہے۔ وفاقی حکومت اور پاکستان کے عوام کی جانب سے یہ بلوچستان کے عوام کے لیے تحفہ ہوگا۔ اس منصوبے کی تعمیر میں اب ایک ایک پاکستانی کا حصہ ہوگا۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ اس منصوبے کے لیے بہت زیادہ فنڈز چاہیے تھے، جس طرح کچھی کینال بننے میں 22 سال لگ گئے اسی طرح اس سڑک کے بننے میں بھی شاید 20 سال لگ جاتے۔ اب فنڈز ملنے کے بعد اس پر تیزی سے کام ہوگا اور یہ منصوبہ دو سال کے اندر مکمل کرلیا جائے گا۔ این 25 شاہراہ کو 2 سال میں 300 ارب سے زائد کے تخمینے سے تعمیر کرنا یقیناً غیر معمولی اقدام ہے اس کی تعمیر بروقت ضروری ہے جس کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومت کی دلچسپی ضروری ہے اور اس کا معیار بھی اعلیٰ ہونا چاہئے۔ امید ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومت اس اہم منصوبہ کی تکمیل میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، اس سے بلوچستان کا یہ دیرینہ مطالبہ نہ صرف پورا ہوگا بلکہ ایک عظیم تحفے سے سب مستفید ہونگے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 APR 2025

Page No. 20

# پاکستانیوں کو بلوچ نہیں دہشتگردوں نے شہید کیا، ریاست مظلوموں کیساتھ کھڑی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستانیوں کو بلوچ نہیں دہشتگردوں نے شہید کیا ہے اختر مینگل کیساتھ مذاکرات نہیں ہوسکے اپنی مرضی سے ۔۔رنا ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے 80 ارب روپے محکمہ صحت کو دیتے ہیں خرچ نہیں ہوتا ہے کیا قصور پنجابی کا تو نہیں ہے دہشتگرد پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں ریاست مظلوموں کیساتھ کھڑی ہے ریکوڈک کے معاملات پورے پاکستان کے سامنے ہیں بلوچستان 50 فیصد پارٹنر ہے تمام دہشتگرد اکھٹے ہوکر بھی بلوچستان کو نقصان نہیں پہنچاسکتے ہیں بلوچستان کو کرپشن فری صوبہ بنائیں گے مہارنگ پر الزام ہے کہ وہ بی ایل اے کو سپورٹ کرتی ہے اس جنگ میں ہمارے 380 افراد کو شہید جاچکا ہے میر سرفراز احمد بگٹی اختر مینگل کیساتھ حکومت کے مذاکرات نہ ہوسکے اختر مینگل نے خود دھرنا ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے مہارنگ اور اسکی تنظیم رجسٹرڈ بھی نہیں ہے انہوں نے ہسپتال پر حملہ کیا ہے وہاں سے دہشتگردوں کی لاشوں کو زبردستی اٹھایا گیا ہے اور اس پر سب سے بڑا الزام یہ ہے کہ وہ بی ایل اے کو سپورٹ کرتی ہے وہ بی ایل اے کی آواز ہے یہ کونسا ملک ہے کہ جو آزادی کی نعرے لگانے والوں کو برداشت کرے سوشل میڈیا پر ایک تصویر ہے مہارنگ اپنے والد کے قبر پر بیٹھی ہے اسکے قبر پر بی ایل اے کا جھنڈا لگا ہوا ہے مہارنگ اپنے اپ کو ہیومن رائٹس کہتی ہے مزدوروں اور پنجابیوں کے قتل پر کیوں خاموش ہوجاتے ہیں انہوں نے کہا کہ دہشتگرد پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں ریاست مظلوموں کیساتھ کھڑی ہے خوارج اور بی ایل اے کی گولی میں آپ کیوں فرق کرتے ہیں یہ تو دونوں دہشتگرد ہیں اس جنگ میں ہمارے 380 افراد کو شہید جاچکا ہے دہشتگردوں کا کوئی مذہب نہیں ہے سوشل میڈیا کے ذریعے بلوچستان کے خلاف پروپیگنڈا کیا جارہا ہے میں پہلے دن سے کہہ رہا ہوں کہ بی ایل اے دہشتگردوں کی سہولت کار ہے مہارنگ بے گناہ اور مسافروں کے قتل کرنے پر احتجاج کیوں نہیں کرتی ہے قانون توڑنے والوں کو ہر صورت شکنجے میں لایا جائے گا پاکستانیوں کو بلوچ نہیں دہشتگردوں نے شہید کیا ہے انہوں نے کہا کہ کسی بھی مجرم کو سزا دلانے کیلئے پراسیکیوشن اہم ہے حکومت بلوچستان نے پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ پر خصوصی توجہ دی ہے تا کہ عام عوام کو فوری انصاف مل سکے ہم نے بلوچستان کے لوگوں کا اعتماد حاصل کرنا ہے لیکن بلوچستان میں بیڈ گورننس کی وجہ سے حکومت سے تو ختم ہوتو سمجھ آتا ہے لیکن ریاست سے ہو تو یہ خطرناک ہوتا بلوچستان اسمبلی میں قوم پرست بار بار آئے ہیں یو این اے افغانستان نے وعدہ کیا تھا کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہوگی بلوچستان میں مائنز اینڈ منرل کے حوالے سے تمام اراکین اسمبلی اور وفاق کو اعتماد میں لیا جائے گا بلوچستان میں بہتری آرہی ہے معاملات فوری ٹھیک نہیں ہوسکتے ہیں آہستہ آہستہ بہتر ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ تمام دہشتگرد اکھٹے ہوکر بھی بلوچستان کو نقصان نہیں پہنچاسکتے ہیں حکومت عوامی اعتماد کیساتھ بلوچستان ترقی کی جانب سے گامزن ہے بلوچستان کو کرپشن فری صوبہ بنائیں گے بلوچستان حکومت صوبے کی بہتری کیلئے دن رات محنت کررہی ہے تمام صوبوں میں سیاسی تجربات ہوئے ہیں بلوچستان میں بھی سیاسی طور پر تجربات کیے گئے ہیں بلوچستان میں دہشتگرد آسان ہدف کو ٹارگٹ کرتے ہیں ہم 80 ارب روپے محکمہ صحت کو دیتے ہیں خرچ نہیں ہوتا ہے یہ بات سب سے پہلے میں نے رکھی ہے کیا قصور پنجابی کا تو نہیں ہے کیا قصور ریاست کا تو نہیں ہے گوادر میں پانی موجود ہے گوادر اینڈس ہسپتال بہتر انداز میں چل رہا ہے ریکوڈک کے معاملات پورے پاکستان کے سامنے ہیں بلوچستان 50 فیصد پارٹنر ہے۔

## بلوچستان کی ترقی وخوشحالی: وفاق اور صوبائی حکومت کا دوٹوک عزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل کی جانب سے کئی دنوں سے جاری دھرنا ختم کرنے کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ شاہراہیں بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جاسکتی، صوبے میں اصلاح اور تعمیر وترقی کا عمل جاری ہے ہر فرد کو دہشت گردی کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا ہوگا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل کرپشن سے پاک نظام کے قیام میں ہے جس کے لیے ہماری حکومت کوشش کر رہی ہے ہم نوجوانوں کو بیرون ملک تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کررہے ہیں تاکہ ان کی ذہنی الجھنیں ختم کی جاسکیں۔ محکمہ صحت کو سالانہ اسی ارب روپے جاری کیے جاتے تھے لیکن وہ خرچ نہیں ہوتے تھے اس صورتحال کی نشاندہی ہم نے کی اب ہم محکمہ صحت میں اصلاحات لا رہے ہیں جن پر ہمارے خلاف احتجاج بھی ہوئے لیکن ہم نے میرٹ پر بھرتیاں کیں اور یقین دلاتے ہیں کہ ان اصلاحات کو مکمل کر کے دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بی این پی کا دھرنا ختم کرانے میں حکومت کی کوششیں شامل تھیں لیکن حتمی فیصلہ سردار اختر جان مینگل کا اپنا تھا جو خوش آئند ہے ہم نے ابتدا سے کہا تھا کہ مذاکرات کے ذریعے مسائل کا حل نکالیں اور یہ فیصلہ بلوچستان کے عوام کے حق میں ہے عدالتی معاملات پر دھرنوں کے ذریعے فیصلے منوانا دہشت گردوں کے معاونین کے لیے راہ ہموار کرنے کے مترادف ہے جو نامناسب عمل ہے، انہوں نے کہا کہ احتجاج کرنا سب کا حق ہے لیکن اسے منظم کرنا حکومت کا اختیار ہے کسی کو یہ اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ شاہراہیں بند کرے یا توڑ پھوڑ کرے میں عوام سے وعدہ کر چکا ہوں کہ ان کی سڑکیں بند نہیں ہونے دیں گے آئین مجھے اس مریض کے ساتھ کھڑا ہونے کا پابند کرتا ہے جو ایمبولینس میں تڑپ رہا ہو اور اسی طرح اس عورت کے ساتھ جس کے شوہر یا بیٹے کو اس کے سامنے بسوں سے اتار کر مار دیا گیا ہو اور جس کے پاس صرف ایک چادر ہو کہ یا تو وہ اپنا سر ڈھانپے یا اپنے پیارے کی لاش۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آرمی چیف نے اپنی تقریر میں واضح کیا کہ پندرہ سو دہشت گرد پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے جب بھی بلوچستان میں دہشت گردی بڑھی ہے تو ایک الجھن پیدا ہوئی ہے جس سے پورا پاکستان اس کی نوعیت کو سمجھ نہیں پایا میں نے ہمیشہ کہا ہے کہ مذہب کے نام پر دہشت گردی سے نمٹنے کا طریقہ الگ ہوتا ہے جبکہ بلوچستان میں اس دہشت گردی کو مختلف انداز میں دیکھا جاتا ہے، انہوں نے کہا کہ ٹرین حملے کے بعد قوم اس الجھن سے نکل رہی ہے بلوچستان میں امن وامان کا قیام ہماری ترجیح ہے وزیراعلیٰ نے اسی روز وفاقی وزیر جام کمال خان اور نوابزادہ خالد خان مگسی کے ہمراہ پریس کانفرنس بھی کی جس میں انہوں نے وفاقی حکومت کے اس فیصلے کا بھرپور خیر مقدم کیا اور وزیراعظم کا خصوصی شکریہ ادا کیا جس کے تحت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے اضافی آمدن بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کرنے کا فیصلہ ہوا ہے وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے لوگوں کا کراچی سے چمن ہائی وے کی تعمیر دیرینہ مطالبہ تھا، وفاقی حکومت اور عوام پاکستان کی جانب سے بلوچستان کے عوام کے لیے اس جگہ پر ہائی وے کی تعمیر کے تحفے پر شکر گزار ہوں، اس عمل میں ایک ایک پاکستانی کا حصہ ہے اس موقع پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال نے کہا کہ بعض لوگوں کو پاکستان اور بلوچستان کی ترقی ہضم نہیں ہو رہی۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ہمیشہ بلوچستان کو ترجیح دی، انہوں نے بطور وزیراعلیٰ پنجاب بھی بلوچستان کی ترقی کے لیے کام کیا ہے۔ وزیراعظم اور تمام اسٹیک ہولڈرز ملک کی بہتری کے لیے کام کر رہے ہیں، ہم نے ملک میں یکساں ترقی کو فروغ دینا ہے ہم نے انہی سطور اور انہی صفحات پر گزشتہ روز بھی اس بابت اپنی رائے دی تھی کہ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں بلوچستان کے حوالے سے اہم فیصلہ انتہائی قابل ستائش ہے بلوچستان ملک کا سب سے بڑا اہم اور صوبہ ہے بدقسمتی سے ماضی میں یہ صوبہ مختلف وجوہات کی بناء پر باقی صوبوں سے پیچھے رہ گیا جس کے باعث یہاں معاشی سیاسی اور سماجی مسائل نے جنم لیا یہ مسائل وقت گزرنے کے ساتھ گھمبیر بھی ہوئے مگر اس وقت وفاق اور صوبائی حکومت ان تمام مسائل کے مکمل خاتمے، صوبے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے لئے پوری طرح پر عزم بھی ہیں، سنجیدہ بھی اور عملی طور پر کوشاں بھی۔ بلوچستان کا مستقبل روشن اور تابناک ہے وفاق اور صوبائی حکومتیں مل کر صوبے میں ہر شعبے میں کام کر رہی ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 18 APR 2025 Page No. 23

## بلوچستان پاکستان کی تقدیر اور ہمارے ماتھے کا جھومر۔۔۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ بلوچستان پاکستان کا اہم ترین اور قدرتی معدنیات سے مالا مال صوبہ ہے جبکہ اس کے عوام صحیح معنوں میں محب وطن ہیں۔ اس صوبے کے معتبرین کی بھی صوبے کے حوالے سے بڑی قربانیاں ہیں۔ ان معتبرین نے قیام پاکستان میں بڑا اہم کردار ادا کیا جس کی بدولت ہمیں پاکستان جیسی آزاد ریاست ملی جو قدرت کا ایک بڑا انمول تحفہ اور احسان ہے۔ اس لیے عوام کو اس کی قدر کرنی چاہئے کیونکہ ملک ہے تو ہم سب ہیں عوام کو اس کی سلامتی اور تحفظ کیلئے ہمہ وقت تیار رہتے ہوئے اس سلسلے میں سیکیورٹی فورسز کیساتھ مکمل تعاون کرنا چاہئے کیونکہ سیکیورٹی فورسز ملک کے دفاع کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہی ہیں وہ ملک پر کسی بھی طرح کی آنچ نہیں آنے دیں گی۔

گزشتہ روز چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے اوورسیز پاکستانیز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کی تقدیر اور ہمارے ماتھے کا جھومر ہے۔ دہشتگرد بلوچستان اور پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ جس ملک کے تمام ادارے آئین اور قانون کے مطابق کام کریں ایسی ریاست کو ہارڈ سٹیٹ کہا جاتا ہے۔ پاکستانی قوم اپنے شہداء کو نہایت عزت اور وقار کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ جب تک اس ملک کے غیور عوام افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پاکستان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ مٹھی بھر دہشتگرد پاکستان کو روشن مستقبل کی جانب بڑھنے سے نہیں روک سکتے۔

چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے اوورسیز پاکستانیز کنونشن میں خطاب کے دوران بلوچستان کے حوالے سے جو بات کی ہے وہ قابل تعریف ہے کیونکہ یہ صوبہ ملک میں بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستانی قوم اور پاک فوج ملک کی سلامتی کیلئے ایک پیج پر ہیں اس لیے اس کو کوئی نہ صرف اب بلکہ مستقبل میں بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے غیور عوام کو ملک کے دفاع کیلئے سیکیورٹی فورسز کیساتھ ملکر دشمن کا مردانہ وار مقابلہ کرنا چاہئے تاکہ دشمن اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکے اور صوبہ ترقی کی جانب گامزن رہے۔ جو سب کے بہترین مفاد میں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 APR 2025 Page No. 24

# Corneal transplantation in Balochistan

The landscape of healthcare in Balochistan has witnessed a truly transformative development with the successful initiation of corneal eye transplantation at Helpers Eye Hospital in Quetta. Under the dedicated leadership of Medical Superintendent Dr. Muhammad Ishaq Panizai, this pioneering endeavor marks a significant milestone in addressing corneal blindness, a condition that has long cast a shadow over the lives of countless individuals in the province. The remarkable achievement of performing successful corneal transplants on 75 patients is a testament to the unwavering commitment and collaborative spirit of the medical team at Helpers Eye Hospital. A crucial element in this success story is the altruistic contribution of Dr. Fawad and Dr. Ajmal Panizai, based in the United States, who generously donated the corneas that made these life-changing surgeries possible. Their selfless act underscores the power of philanthropy and the profound impact that overseas Pakistanis can have on their homeland. This act of kindness serves as an inspiring example and a call to action for others to consider the profound difference they can make through organ and tissue donation. The statistics surrounding corneal blindness in Pakistan paint a stark picture. It accounts for a significant 14% of all blindness, contributing to the staggering figure of approximately 350,000 individuals across the country who are currently unable to see. In Balochistan alone, there are an estimated 700 registered patients suffering from diseased corneas, highlighting the urgent need for accessible and affordable treatment options. Previously, patients in Balochistan requiring corneal transplants would have had to travel long distances to other provinces, incurring significant financial burdens, emotional distress, and prolonged waiting times. The exorbitant cost of 12 to 15 lakhs for the procedure further compounded the challenges for many, making it an unattainable dream for those from less privileged backgrounds. The establishment of this facility within Quetta not only eliminates the geographical barrier but also holds the promise of making this sight-restoring surgery more accessible to the local population. This initiative at Helpers Eye Hospital offers a beacon of hope for those suffering from corneal blindness in Balochistan. The ability to see is fundamental to leading a full and productive life, enabling individuals to participate more actively in their communities, pursue education and employment, and experience the simple joys that sight affords. The success of this program should serve as a catalyst for further development and expansion of eye care services in Balochistan. It underscores the importance of investing in specialized medical infrastructure and training skilled professionals within the province.

CamScanner